
بسم اللہ الرحمن الرحیم


منظر ایلیاء Shia Books PDF




MANZAR AELIYA
9391287881
HYDERABAD INDIA

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عکسی

جدید مترجم

# وظائف الابرار کامل

مع اضافہ

مترجمہ

جناب مولانا حافظ فرمان علی صاحب مرحوم و مغفور

مصدقہ حضراتِ عُلمائے کرام

ناشران


کتب خانہ اثنا عشری رجسٹرڈ لاہور

حلقہ ۲ مغل حویلی موچی دروازہ

عکسی

# وظائف الابرار کامل مترجم جدید

معہ اضافہ

مترجمہ:

جناب مولانا حافظ فرمان علی صاحب قبلہ مرحوم و مغفور

www.shiabookspdf.com

مُصدّقہ حضرات علماء کرام

ناشران:

کُتب خانہ اثنا عشری (رجسٹرڈ) لاہور ۸

مُغل حویلی اندرُون مُوچی دروازہ

# نقل توثیقات حضرات علمائے کرام

عبدہٗ سبط حسین النقوی

بسم اللہ ولہ الحمد

عمل اس رسالہ وظائف الابرار پر انشاء اللہ بے عیب ہے۔

حررہ خادم الشریعۃ الطاہر المطہر سید سبط حسین عفی عنہ

باسمہ سبحانہ ولہ الحمد عمل نمودن موافق این رسالہ وظائف الابرار و خواندن ادعیہ مذکورہ سورہ ہائے

الیس اللہ بکاف عبدہ السید آقا حسن

مذبورہ البتہ موجب اجر جزیل و ثواب جمیل می باشد جزی اللہ مولفہ خیر الجزاء

و نفعا و جمیع المومنین بہا خیر الدنیا والاخرۃ۔ حررہٗ

السید آقا حسن عفی عنہ

باسمہ سبحانہ سورہ ہائے قرآن مجید اور ادعیہ ماثورہ مثل دعائے کمیل اور دعائے مشلول وجوشن کبیر

لا الہ الا القوی عبدہ محمد باقر بن محمد بن علی الرضوی

صغیر و زیارت عاشورہ و اربعین و دیگر ادعیہ ماثورہ کا پڑھنا باجر و

ثواب ہے۔ واللہ الموفق

محمد باقر الرضوی عفی عنہ جرائمہ

www.shiabookspdf.com

باسمہ سبحانہ اس رسالہ وظائف الابرار کے سورہ ہائے قرآنی و ادعیہ وغیرہ کا پڑھنا

لا الہ الا ہو العلی القوی عبدہٗ محمد حسین ابن ابن علی ۱۳۳۱ ہجری

انشاء اللہ تعالیٰ اجر و ثواب ہے ...... کتبہ بیمنا والدائرہ الوازرہ دہ

عبد السید محمد حسین

ادنی کتابہا فی الاخرۃ

باسمہ سبحانہ فضل و شرف سورہ ہائے قرآن کے پڑھنے کا محتاج بیان نہیں ہے اور اسی طرح جو

سنہ ۱۳۰۸ لا الہ الا اللہ ولی المنن عبدہٗ السید نجم الحسن

دعائیں کہ حضرات معصومین علیہم السلام سے منقول و ماثور ہیں اور اس کتاب

میں درج ہیں انکا پڑھنا مستحب اور مستحسن اور باعث اجر و ثواب ہے۔ فقط۔

نجم الحسن عفی عنہ

کیا فرماتے ہیں حضور مولانا سید ناصر حسین صاحب قبلہ و کعبہ مجتہد العصر والزمان دامت برکاتہم دریں باب کہ سورۂ

یٰسین، سورۂ واقعہ، سورۂ رحمٰن، سورۂ مزمل، سورۂ فتح، سورۂ نبا، دعائے جوشن کبیر و صغیر و مشلول و صد سبحان و دعائے

کمیل، دعائے توسل، اعمال عاشورہ و اعمال اربعین و اعمال شب قدر کا پڑھنا سرکار شریعتمدار کے نزدیک جائز و

ثواب ہے، بینوا و توجروا۔ الجواب باللہ التوفیق

لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین عبدہٗ ناصر حسین بن العلامۃ السید حامد حسین الموسوی النیشاپوری۔

ان سوروں اور دعاؤں کا پڑھنا بہت ثواب ہے، واللہ الموفق

ناصر حسین عفی عنہ بقلمہ

# فہرست سورتہائے و وظائف و ادعیہ


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | اسناد سورۂ یٰسین | ۵ |
| ۲ | سورۂ یٰسین | ۷ |
| ۳ | اسناد سورہ فتح | ۲۱ |
| ۴ | اسناد سورہ نبا | ۳۲ |
| ۵ | سورہ نبا | ۳۳ |
| ۶ | اسناد سورہ واقعہ | ۳۷ |
| ۷ | سورہ واقعہ | ۳۸ |
| ۸ | اسناد سورہ ملک | ۴۶ |
| ۹ | سورہ ملک | ۴۷ |
| ۱۰ | اسناد سورہ رحمٰن | ۵۴ |
| ۱۱ | سورہ رحمٰن | ۵۵ |
| ۱۲ | اسناد سورہ مزّمل | ۶۳ |
| ۱۳ | اسناد سورہ دھر | ۶۷ |
| ۱۴ | سورہ دھر | ۶۸ |
| ۱۵ | اسناد سورہ مدثر | ۷۳ |
| ۱۶ | سورہ مدثر | ۷۴ |
| ۱۷ | اسناد آیۃ الکرسی | ۷۹ |
| ۱۸ | اسناد حدیث کسا | ۸۱ |
| ۱۹ | حدیث کسا | ۸۲ |
| ۲۰ | دُعائے سباسب | ۹۵ |
| ۲۱ | دعائے صباح | ۱۲۲ |
| ۲۲ | دعائے صنمی قریش | ۱۳۳ |
| ۲۳ | دعائے جوشن کبیر | ۱۴۱ |


www.shiabookspdf.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۴ | دُعائے جوشن صغیر | ۲۰۹ |
| ۲۵ | دُعائے کمیل | ۲۴۶ |
| ۲۶ | دُعائے مشلول | ۲۷۱ |
| ۲۷ | درود طوسی | ۲۹۱ |
| ۲۸ | دُعائے توسل | ۳۳۰ |
| ۲۹ | دُعائے حضرت امیر المومنینؑ | ۳۵۱ |
| ۳۰ | دُعائے صد سُبحان | ۳۶۱ |
| ۳۱ | اسمائے اعظم | ۳۷۲ |
| ۳۲ | دُعائے ہلال | ۳۷۹ |
| ۳۳ | نقوش | ۳۸۳ |
| ۳۴ | دُعائے نور کبیر | ۳۸۵ |
| ۳۵ | دُعائے نور صغیر | ۴۰۰ |
| ۳۶ | نادِ علی کبیر | ۴۰۱ |
| ۳۷ | نادِ علی صغیر | ۴۰۵ |
| ۳۸ | دُعائے وسعت رزق | ″ |
| ۳۹ | دُعائے مغفرت | ۴۰۷ |
| ۴۰ | دُعائے عافیت | ۴۰۸ |
| ۴۱ | دُعائے حضرت علی | ۴۰۹ |
| ۴۲ | دُعائے طلب حاجت | ۴۱۰ |
| ۴۳ | دُعائے حضرت ابوذر | ۴۱۱ |
| ۴۴ | اعمال روز جمعۃ المبارک | ۴۱۲ |
| ۴۵ | صلوات بروز جمعہ | ۴۱۳ |
| ۴۶ | زیارت صاحب الزمان عجؑ | ۴۱۴ |
| ۴۷ | دعائے درازی عمر | ۴۱۵ |
| ۴۸ | نقوش و حالات ایام ہفتہ | ۴۱۷ |
| ۴۹ | دُعائے توسل | ۴۲۵ |


www.shiabookspdf.com

# اسنادِ سورہ یٰسین

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن مجید کا دل سورہ یٰسین ہے جو شخص دن میں اس سورے کی تلاوت کرے اُس روز خدا کی امان میں رہے گا۔ اگر شب کو سونے سے پیشتر تلاوت کرے خداوند عالم ایک ہزار فرشتے اُس پر مقرر کرے گا کہ اس کے واسطے مرنے کے وقت تک استغفار کریں، اور بعد میں اس کے جنازے کے ہمراہ استغفار کرتے ہوئے جائیں، قبر میں ہمراہ رہیں، قیامت تک عبادت الٰہی میں مشغول رہیں اور ثواب اس کا اس بندے کو بخشیں اُس کی قبر کو کشادہ کریں جہاں تک کہ نگاہ پہنچتی ہے ہمیشہ اس کی قبر سے نور طالع جو آسمان تک پہنچے جس وقت وہ اپنی قبر سے اُٹھے تو فرشتے اس کے ہمراہ ہوں، جو ہنس ہنس کر اس سے باتیں کریں، ہر نعمت کی اُسے خوشخبری دیں حتیٰ کہ صراط و میزان سے گزار کر ملائکہ مقربین اور انبیاء مرسلین کے مقام تک پہنچا دیں جن کی رفاقت بہتر آئے بعد اس کے خطاب رب العزت کا اس کو یہ پہنچے کہ اے میرے بندے اگر تو چاہے شفاعت کر کہ شفاعت تیری لوگوں کے حق میں مقبول ہے اور جو کچھ تو مجھ سے چاہے طلب کہ تمام مقصود تیرے تجھ کو عنایت کر دوں گا پس جس کی وہ بندہ شفاعت کرے گا اور وہ جو کچھ طلب کریگا اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا۔ ہرگز اس کا حساب نہ کرے گا اور کسی گناہ کا اس سے مواخذہ نہ ہوگا۔ قیامت کے دن لوگ اس کا مرتبہ دیکھکر کہیں گے سبحان اللہ اس بندے سے کوئی چھوٹا گناہ بھی نہیں ہوا ہے کہ اس کا مواخذہ ہو اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص قربتہً الی اللہ اس سورے کو پڑھے اس کے تمام گناہ بخشے جائیں گے اور ثواب بارہ قرآن مجید کے ختم کرنے کا اس کو حاصل ہوگا۔ اور دوسری روایت میں وارد ہے کہ بائیس ۲۲ قرآن کے ختم کا ثواب اُس کو ملے گا اگر بیمار کے سرہانے اس سورے کو پڑھیں تو بشمار ہر حرف کے دس فرشتے اُس کے پاس حاضر ہوں اور اس کے لئے بخشش چاہیں حتےٰ کہ اگر روح بھی اس کی قبض ہو اس کے جنازے کے ہمراہ جائیں اور اس پر نماز پڑھیں اور درود بھیجیں یہاں تک کہ اُسکو دفن کیا جائے پھر عذاب سے اُس کی حفاظت کریں اور جو بیمار مرتے وقت اس سورے کو پڑھے یا اور کوئی شخص اس کے پاس پڑھے رضوان داروغہ بہشت شراب حوض کوثر سے لیکر آئے وہ اُسے نوش کرے

www.shiabookspdf.com

اور اسے بہشت کی خوشخبری دے اور شراب خوشگوار بہشت سے سیراب ہو کر مرے اور سیراب ہو کر قبر سے اُٹھے بلکہ سیراب ہی بہشت میں جائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اس سورے کو معمۃ بھی کہتے ہیں اس واسطے کہ اسے پڑھنے والے اور سننے والے کو دنیا وآخرت کی بہتری علی العموم حاصل ہوتی ہے اور اس کو دافع بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ اپنے پڑھنے والے سے بلائیں دُنیا وآخرت کی دفع کرتی ہے اور اس کو قاضیہ بھی کہتے ہیں کیونکہ پڑھنے والے کی تمام حاجتیں دُنیا وآخرت کی برلاتی ہے جو شخص اس کو ایکبار پڑھے اسے بیس حج کا ثواب ہوتا ہے اور جو کوئی شخص اُسے سُنے اُسے ثواب مثل اُس شخص کے ہوتا ہے جس نے ہزار دینار سونے کے راہ خدا میں دیے ہوں اور جو شخص اُسے لکھے اور دھو کر پیئے تو ہزار شفائیں اور ہزار نور اور ہزار برکت اور ہزار رحمت اس کے بطن میں داخل ہوں اور تمام جسمانی بیماریاں دفع ہوں اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص اُس کو مقبرے میں تخفیف عذاب کی نیت سے پڑھے وہاں کے مردوں کا عذاب دور ہو جائے، اور بحساب اُن لوگوں کے جو اس مقبرے میں دفن ہیں اُسے حسنات حاصل ہوں

www.shiabookspdf.com


# مُفاتیح الجنان اُردو

مترجمہ: جناب شیخ الجامعہ مولانا اختر عباس صاحب قبلہ

یہ کتاب لاکھوں کی تعداد میں ایران میں طبع ہو چکی ہے اور لاکھوں زائرین اس سے زیارات بجا لا چکے ہیں۔ ایران میں ہر شیعہ کے گھر میں اس کتاب کا ہونا ضروری سمجھا جاتا ہے۔ اس کتاب کی اتنی بڑی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مولانا موصوف نے اُسے اردو ترجمہ کر کے مذہب شیعہ کے لئے ایک بہت بڑی خدمت کی ہے۔

آفسٹ چھپائی۔ عمدہ کاغذ۔ سائز ۲۰×۳۰/۸ حجم ۶۴۰ صفحات ہدیہ مناسب

ملنے کا پتہ:۔ امامیہ کتب خانہ مغل حویلی۔ اندرون موچی دروازہ۔ لاہور ۸

آیاتہا ۸۳ — سُوْرَۃُ یٰسٓ مَکِّیَّۃٌ (۳۶) (۴۱) — رکوعاتہا ۵

سورۂ یٰسین واذا قیل لھم الایۃ کے سوا پورا سورہ مکہ میں نازل ہوا اور اس کی تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں۔

## بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۝ اِنَّکَ

یٰسین! اس پُر از حکمت قرآن کی قسم (اے رسول) تم بلا شک یقینی

لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ عَلٰی صِرَاطٍ

پیغمبروں میں سے ہو (اور دین کے بالکل) سیدھے راستے

مُّسْتَقِیْمٍ ۝ تَنْزِیْلَ الْعَزِیْزِ الرَّحِیْمِ ۝

پر (ثابت قدم) ہو جو بڑے مہربان (اور) غالب (خدا) کا نازل کیا ہوا ہے

لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُھُمْ فَھُمْ

تاکہ تم ان لوگوں کو (عذاب خدا سے) ڈراؤ جن کے باپ دادا (تم سے پہلے کسی پیغمبر

غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓی

سے) ڈرائے نہیں گئے تھے تو وہ (دین سے بالکل) بیخبر ہیں، ان میں اکثر پر تو (عذاب کی)

اَکْثَرِھِمْ فَھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا

باتیں یقیناً بالکل ٹھیک پوری اتریں یہ لوگ تو ایمان لائیں گے نہیں، ہم نے

جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِھِمْ اَغْلٰلًا فَھِیَ اِلَی

ان کی گردنوں میں (بھاری بھاری لوہے کے) طوق ڈالدیئے ہیں اور ٹھڈیوں تک پہونچے

الْاَذْقَانِ فَھُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا

ہوئے ہیں کہ وہ گردنیں اٹھائے ہوئے ہیں (سر جھکا نہیں سکتے) ہم نے ایک

www.shiabookspdf.com

مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ

دیوار ان کے آگے بنادی ہے اور ایک دیوار ان کے

سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○

پیچھے، پھر اوپر سے ان کو ڈھانک دیا ہے تو وہ کچھ دیکھ ہی نہیں سکتے،

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

اور (اے رسول) ان کیلئے برابر ہے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ

لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ

یہ (کبھی) ایمان لانے والے نہیں ہیں، تم تو بس اسی شخص کو ڈرا سکتے ہو جو نصیحت مانے

وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ

www.shiabookspdf.com

اور بے دیکھے بھالے خدا کا خوف رکھے، تو تم اس کو (گناہوں کی) معافی

بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ○ اِنَّا نَحْنُ

اور ایک باعزت (وآبرو) اجر کی خوشخبری دے دو، ہم بھی یقیناً مُردوں

نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ

کو زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ لوگ پہلے کر چکے ہیں (انکو) اور انکی (اچھی بری باقی ماندہ)

اٰثَارَهُمْ ؕ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ وقف غفران

نشانیوں کو لکھتے جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو ایک صریح و روشن پیشوا میں گھیر

اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ○ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا ع ۱۲ ۱۸

دیا ہے، اور (اے رسول) تم (ان سے) مثال کے طور پر

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۚ وقف لازم

ایک گاؤں (انطاکیہ) والوں کا قصہ بیان کرو کہ جب وہاں ہمارے پیغمبر آئے

إِذْ أَرْسَلْنَآ إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا

اسطرح کہ جب ہم نے انکے پاس دو پیغمبر (یوحنا و یونس) بھیجے تو ان لوگوں نے دونوں کو جھٹلایا

فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوٓا إِنَّآ إِلَيْكُم

تب ہم نے ایک تیسرے (پیغمبر شمعون) سے (ان دونوں کو) مدد دی تو ان تینوں نے کہا کہ ہم تمہارے

مُّرْسَلُونَ ۝ قَالُوا مَآ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ

پاس (خدا کے بھیجے ہوئے آئے ہیں، وہ لوگ کہنے لگے کہ تم لوگ بھی تو بس ہمارے ہی سے آدمی

مِّثْلُنَا وَمَآ أَنزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِن شَيْءٍ

ہو، اور خدا نے کچھ نازل (وازل) نہیں کیا ہے، تم

إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ۝ قَالُوا رَبُّنَا

سب بالکل جھوٹے ہو، تب ان پیغمبروں نے کہا کہ ہمارا

www.shiabookspdf.com

يَعْلَمُ إِنَّآ إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ۝ وَمَا عَلَيْنَآ

پروردگار جانتا ہے کہ ہم یقیناً اسی کے بھیجے ہوئے آئے ہیں، اور تم مانو یا نہ مانو ہم پر

إِلَّا الْبَلَٰغُ الْمُبِينُ ۝ قَالُوٓا إِنَّا تَطَيَّرْنَا

تو بس کھلم کھلا (احکام خدا کے) پہنچا دینا فرض ہے، وہ بولے ہم نے تم لوگوں کو بہت نحس

بِكُمْ ۖ لَئِن لَّمْ تَنتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُم

قدم پایا (کہ تمہارے آتے ہی قحط میں مبتلا ہوئے) تو اگر تم (اپنی باتوں سے) باز نہ آؤ گے تو ہم

مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ قَالُوا طَائِرُكُم

لوگ تمہیں ضرور سنگسار کر دینگے اور تمکو یقینی ہمارا دردناک عذاب پہنچے گا، پیغمبروں نے کہا تمہاری بدشگونی

مَّعَكُمْ ۚ أَئِن ذُكِّرْتُم ۚ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ

(تمہاری کرنی ہے) تمہارے ساتھ ہے، کیا جب نصیحت کیجاتی ہے (تو تم اسے بدفالی کہتے ہو، نہیں)

مُّسْرِفُوْنَ ○ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

بلکہ تم خود اپنی حد سے بڑھ گئے ہو اور اتنے میں شہر کے اس سرے سے ایک شخص (حبیب نجار)

رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝٢٠

دوڑتا ہوا آیا اور کہنے لگا اے میری قوم (ان پیغمبروں کا کہنا مانو ، ایسے لوگوں

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ

کا ضرور کہنا مانو جو تم سے (تبلیغ رسالت کی) کچھ مزدوری نہیں مانگتے اور وہ لوگ

مُّهْتَدُوْنَ ○ وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ

ہدایت یافتہ بھی ہیں ، اور مجھے کیا (خبط) ہوا ہے کہ جس نے مجھے پیدا کیا ہے اسکی

فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ ءَاَتَّخِذُ

عبادت نہ کروں حالانکہ تم سب کے سب اسکی طرف لوٹ کر جاؤ گے ، کیا میں اسے چھوڑ

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ

کر دوسروں کو معبود بنا لوں ، اگر خدا مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو

بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا

نہ ان کی سفارش ہی میرے کچھ کام آئے گی اور نہ یہ لوگ

وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ○ج اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ

مجھے (اس مصیبت سے) چھڑا سکیں گے (اگر ایسا کروں) تو اس وقت میں یقینی

مُّبِيْنٍ ○ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝ط

صریح گمراہی میں ہوں ، میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لا چکا ہوں تو میری بات

قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ط قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ

سنو اور مانو ، (مگر ان لوگوں نے اسے سنگسار کر ڈالا) تب اسے خدا کا حکم ہوا کہ بہشت

الجزو ۲۳

يَعْلَمُونَ ۙ ○ بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي

میں جا) اس وقت بھی اسے قوم کا خیال آیا تو کہا) میرے پروردگار نے جو مجھے بخش دیا اور

مِنَ الْمُكْرَمِينَ ○ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَىٰ

مجھے بزرگ لوگوں میں شامل کر دیا، کاش اس کو میری قوم کے لوگ جان لیتے اور

قَوْمِهِ مِنْ بَعْدِهِ مِنْ جُنْدٍ مِنَ

ایمان لاتے، اور ہم نے اس کے (مرنے کے) بعد اس کی قوم پر ان کی تباہی کیلئے نہ تو آسمان

السَّمَاءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِينَ ○ إِنْ

سے کوئی لشکر اتارا اور نہ ہم کبھی اتنی سی بات کیواسطے لشکر اتارنے والے تھے، وہ تو

كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ

www.shiabookspdf.com

ایک چنگھاڑ تھی (جو کر دی گئی بس) پھر تو وہ فوراً (چراغ سحری کی طرح) بجھ

خَامِدُونَ ○ يَا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ

کر رہ گئے، ہائے افسوس! بندوں کے حال پر

مَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ

کہ کبھی ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر ان لوگوں نے ان کے

يَسْتَهْزِئُونَ ○ أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا

ساتھ مسخرا پن ضرور کیا، کیا ان لوگوں نے اتنا بھی غور نہیں کیا کہ ہم

قَبْلَهُمْ مِنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ

نے ان سے پہلے کتنی امتوں کو ہلاک کر ڈالا اور وہ لوگ ان کے پاس ہرگز پلٹ کر

لَا يَرْجِعُونَ ○ وَإِنْ كُلٌّ لَمَّا جَمِيعٌ

نہیں آ سکتے، (ہاں) البتہ سب کے سب اکٹھا ہو کر ہماری

وقف غفران

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

۲ ع ۲۰ ۱

بارگاہ میں حاضر کئے جائیں گے ۔ اور ان (کے سمجھنے) کیلئے (میری

الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا

قدرت کی) ایک نشانی مردہ (پڑی) زمین ہے کہ ہم نے اس کو (پانی سے) زندہ کر

مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا

دیا اور (ہم ہی نے اس سے دانہ نکالا تو اسے یہ لوگ کھایا کرتے ہیں، اور ہم ہی نے زمین

فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ

میں چھواروں اور انگوروں کے باغ لگائے

وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝ لِيَاْكُلُوْا

www.shiabookspdf.com

اور ہم ہی نے اس میں پانی کے چشمے جاری کئے، تاکہ لوگ

مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ

ان کے پھل کھائیں، اور کچھ ان کے ہاتھوں نے اسے نہیں بنایا

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

(بلکہ خدا نے) تو کیا اس پر شکر نہیں کرتے، وہ (ہر عیب سے) پاک صاف ہے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ

جس نے زمین سے اگنے والی چیزوں اور خود ان لوگوں کے اور ان چیزوں

الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا

کے جن کی انہیں خبر نہیں سب کے جوڑے پیدا

لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ

کئے، اور (میری قدرت کی) ایک نشانی رات ہے

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾

جس سے ہم دن کو کھینچ کر نکال لیتے ہیں (زائل کر دیتے ہیں) تو اس وقت یہ لوگ اندھیرے میں رہ

وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ط

جاتے ہیں، اور ایک نشانی آفتاب ہے جو اپنے ٹھکانے پر چل رہا ہے

ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ط ○ وَالْقَمَرَ

یہ (سب سے) غالب واقف کار (خدا) کا (باندھا ہوا) اندازہ ہے، اور ہم نے چاند

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

کے لئے منزلیں مقرر کر دی ہیں، یہانتک کہ پھر کے (آخر ماہ میں) کھجور کی پرانی ٹہنی

الْقَدِیْمِ ○ لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ اَنْ

کا سا (پتلا ٹیڑھا) ہو جاتا ہے نہ تو آفتاب ہی سے یہ بن پڑتا ہے کہ وہ ماہتاب کو

www.shiabookspdf.com

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ

جا لے اور نہ رات ہی دن سے آگے بڑھ سکتی ہے، (چاند، سورج

النَّهَارِ ط وَكُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ○

ستارے) ہر ایک (اپنے اپنے) آسمان (مدار) میں چکر لگا رہے ہیں،

وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ

اور ان کیلئے (میری قدرت کی) ایک نشانی یہ ہے کہ ان کے بزرگوں کو (نوح کی) بھری

فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ○ لا وَخَلَقْنَا

ہوئی کشتی میں سوار کیا، اور اس کشتی کے مثل

لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ ○ وَاِنْ

ان لوگوں کے واسطے بھی وہ چیزیں (کشتیاں جہاز) پیدا کر دیں جن پر یہ لوگ خود سوار

نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِیْخَ لَهُمْ وَ

ہوا کرتے ہیں، اور اگر ہم چاہیں تو ان سب لوگوں کو ڈبو دیں پھر نہ کوئی ان کا فریادرس

لَا هُمْ یُنْقَذُوْنَ ○ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا

ہوگا اور نہ وہ لوگ چھٹکارا ہی پا سکتے ہیں، مگر ہماری مہربانی سے (اور چونکہ ایک

وَ مَتَاعًا اِلٰی حِیْنٍ ○ وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمُ

(خاص) وقت تک انکو چین کرنے دینا منظور ہے، اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے

اتَّقُوْا مَا بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ وَ مَا خَلْفَكُمْ

کہ (اس عذاب سے) بچو (جو ہر وقت تمہارے ساتھ ساتھ) تمہارے سامنے اور تمہارے پیچھے

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ وَ مَا تَاْتِیْهِمْ

(موجود) ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائے تو پرواہ نہیں کرتے اور ان کی حالت یہ ہے کہ

www.shiabookspdf.com

مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا

جب ان کے پروردگار کی نشانیوں میں کوئی نشانی ان کے پاس آئی، تو یہ لوگ

عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ○ وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمْ

منہ موڑے بغیر کبھی نہ رہے، اور جب ان کفار سے کہا جاتا ہے

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ قَالَ الَّذِیْنَ

کہ (مال دنیا سے) جو خدا نے تمہیں دیا ہے اُس میں سے (کچھ خدا کی راہ میں بھی) خرچ

كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَنُطْعِمُ مَنْ

کرو تو یہ کفار ایمانداروں سے کہتے ہیں کہ بھلا ہم اس شخص کو کھلائیں جسے

لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

(تمہارے خیال کے موافق) خدا چاہتا تو اس کو خود کھلاتا، تم لوگ بس صریحی گمراہی

فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ○ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی

میں (پڑے ہوئے) ہو، اور کہتے ہیں کہ (بھلا) اگر تم لوگ

هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ○

(اپنے دعوے میں) سچے ہو تو آخر یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا،

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً

(اے رسول) یہ لوگ ایک سخت چنگھاڑ (صور) کے منتظر ہیں جو انہیں (اس وقت)

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ○ فَلَا

لے ڈالے گی جب یہ لوگ باہم جھگڑ رہے ہوں گے، پھر نہ تو

يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

www.shiabookspdf.com

یہ لوگ وصیت ہی کرنے پائیں گے اور نہ اپنے لڑکے بالوں ہی کی طرف

ع۳ ۸ ۲

يَرْجِعُوْنَ ○ع وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ

لوٹ کر جا سکیں گے، اور پھر جب دوبارہ صور پھونکا جائے گا

فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ

تو اسی دم یہ سب لوگ (اپنی اپنی) قبروں سے (نکل نکل کے) اپنے پروردگار کی بارگاہ

يَنْسِلُوْنَ ○ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا

کی طرف چل کھڑے ہوں گے اور (حیران ہوکر) کہیں گے ہائے افسوس! (ہم تو پہلے سو رہے

وقف منزل، وقف غفران
وقف لازم

مِنْ مَّرْقَدِنَا سکتۃ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ

تھے) ہمیں اپنی خوابگاہ سے کس نے اٹھایا (جواب آئے گا) کہ یہ وہی (قیامت کا) دن ہے

وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ○ اِنْ كَانَتْ

جس کا خدا نے بھی وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے بھی سچ کہا تھا (قیامت تو) بس ایک سخت

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ

چنگھاڑ ہو گی پھر ایکا ایکی یہ لوگ سب کے سب ہمارے حضور میں حاضر

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

کیے جائیں گے ، پھر آج (قیامت کے دن)

نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ

کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا اور تم لوگوں کو تو اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو

تَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

تم لوگ (دنیا میں) کیا کرتے تھے ، بہشت کے رہنے والے آج (روز قیامت) ایک

فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ

نہ ایک مشغلے میں جی بہلا رہے ہیں ، وہ اپنی بی بیوں کے ساتھ (ٹھنڈی)

فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ۝

چھاؤں میں تکیے لگائے تختوں پر (چین سے) بیٹھے ہوئے ہیں ، بہشت

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝

میں ان کے لئے (تازہ) میوے (تیار) ہیں اور جو وہ چاہیں ان کے لئے حاضر ہے ،

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ وَ

مہربان پروردگار کی طرف سے سلام کا پیغام آئے گا ، اور

امْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝

(ایک آواز آئے گی کہ) اے گنہگارو تم لوگ ان سے الگ ہو جاؤ ،

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ اَنْ لَّا

اے آدم کی اولاد کیا میں نے تمہارے پاس یہ حکم نہیں بھیجا تھا کہ (خبردار)

www.shiabookspdf.com

تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

شیطان کی پرستش نہ کرنا وہ یقینی تمہارا کھلم کھلا دشمن

مُّبِيْنٌ ۝ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ

ہے ، اور یہ کہ دیکھو صرف میری عبادت کرنا یہی نجات

مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا

کی سیدھی راہ ہے اور (باوجود اس کے) اس نے تم میں سے بہتیروں کو

كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰذِهٖ

گمراہ کر چھوڑا ، تو کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے تھے ، یہ وہی

جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ اِصْلَوْهَا

جہنم ہے جس کا وعدہ کیا گیا تھا اب چونکہ تم

www.shiabookspdf.com

الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ اَلْيَوْمَ

کفر کرتے تھے اسوجہ سے آج اس میں (چپکے سے) چلے آؤ ، آج ہم ان کے

نَخْتِمُ عَلٰٓي اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ

مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور جو (جو) کارستانیاں یہ لوگ (دنیا میں)

وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝

کر رہے تھے خود اُن کے ہاتھ ہم کو بتا دیں گے اور اُن کے پاؤں گواہی دیں گے

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓي اَعْيُنِهِمْ

اور اگر چاہیں تو ان کی آنکھوں پر جھاڑو پھیر دیں تو یہ لوگ راہ کو پڑے

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝

چکر لگاتے ڈھونڈتے پھریں مگر کہاں دیکھ پائیں گے ،

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰی مَكَانَتِهِمْ

اور اگر ہم چاہیں تو جہاں یہ ہیں (وہیں) ان کی صورتیں بدل کر (پتھر مٹی) بنا دیں

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿ع﴾ ع ۱۷ ۴

پھر نہ تو ان میں آگے جانے کا قابو رہے اور نہ گھر لوٹ سکیں،

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِی الْخَلْقِ ط

اور ہم جس شخص کو بہت زیادہ عمر دیتے ہیں تو اسے خلقت میں الٹ (کر بچوں کی طرح

اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ

مجبور کر) دیتے ہیں تو کیا وہ لوگ سمجھتے نہیں، اور ہم نے اس (پیغمبرؐ) کو شعر کی تعلیم دی

وَمَا يَنْۢبَغِیْ لَهٗ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ

ہے اور نہ شاعری اس کے شان کے لائق ہے یہ کتاب تو بس (نری) نصیحت اور صاف صاف

www.shiabookspdf.com

قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ○ لا لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ

قرآن ہے تاکہ جو زندہ (دل غافل) ہو اسے (عذاب سے) ڈرائے اور کافروں پر (عذاب

حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ○

کا) قول ثابت ہو جائے (اور حجت باقی نہ رہے) کیا ان لوگوں نے اس

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ

پر غور نہیں کیا کہ ہم نے ان کے فائدے کے لئے چارپائے اس چیز سے پیدا کئے جسے

اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ○

ہماری ہی قدرت نے بنایا تو یہ لوگ (خواہ مخواہ) مالک بن گئے۔

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ

اور ہم ہی نے چارپایوں کو ان کا مطیع بنا دیا تو بعض ان کی سواریاں ہیں اور

مِنْهَا يَأْكُلُوْنَ ۝ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ

بعض کو کھاتے ہیں اور چار پایوں میں ان کے (اور) بہت سے

وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝ وَاتَّخَذُوْا

فائدے ہیں اور پینے کی چیز (دودھ) تو کیا یہ لوگ اس پر بھی شکر نہیں کرتے،

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ؕ

اور لوگوں نے خدا کو چھوڑ کر فرضی معبود بنائے ہیں تاکہ انہیں ان سے کچھ مدد ملے،

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ

حالانکہ وہ لوگ ان کی کسی طرح مدد کر ہی نہیں سکتے اور یہ کفار اُن معبودوں کے

جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝ فَلَا يَحْزُنْكَ

لشکر ہیں (اور قیامت میں) ان سب کی حاضری لیجائے گی تو (اے رسول) تم ان کی باتوں

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَ

سے آزردہ خاطر نہ ہو جو کچھ یہ لوگ چھپا کر کرتے ہیں یا کھلم کھلا کرتے ہیں ہم سب

مَا يُعْلِنُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

کو یقینی جانتے ہیں، کیا آدمی نے اس پر بھی غور نہیں کیا ہے کہ

اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ

ہم ہی نے اس کو ایک (ذلیل) نطفہ سے پیدا کیا پھر وہ یکایک ہمارا

خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَضَرَبَ لَنَا

ہی کھلم کھلا مقابل بنا ہے اور ہماری نسبت باتیں بنانے لگا

مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

اور اپنی خلقت کی حالت بھول گیا، اور کہنے لگا کہ بھلا جب ہر

www.shiabookspdf.com

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيهَا

ہڈیاں (سڑ گل کر) خاک ہو جائیں گی تو پھر کون دوبارہ زندہ کر سکتا ہے، (اے رسول)

الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ط وَهُوَ

تم کہہ دو کہ اس کو وہی زندہ کرے گا جس نے ان کو (جب یہ کچھ نہ تھے) پہلی مرتبہ

بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ۝ الَّذِي جَعَلَ

زندہ کر دکھایا وہ ہر طرح کی پیدائش سے واقف ہے جس نے تمہارے واسطے (مرخ

لَكُمْ مِنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا

اور عفار) ہرے درخت سے آگ پیدا کر دی، پھر

أَنْتُمْ مِنْهُ تُوقِدُونَ ۝ أَوَلَيْسَ

تم اس سے اور آگ سلگا لیتے ہو، بھلا جس خدا نے

www.shiabookspdf.com

الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ

سارے آسمان اور زمین پیدا کئے کیا وہ اس پر

بِقٰدِرٍ عَلَىٰ أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُمْ ط

قابو نہیں رکھتا کہ اُن کے مثل (دوبارہ) پیدا کر دے

بَلَىٰ ق وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ۝ إِنَّمَا

ہاں! (ضرور قابو رکھتا ہے) اور وہ تو پیدا کرنے والا واقفکار ہے، اس

أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَنْ يَقُولَ

کی شان تو یہ ہے کہ جب کسی چیز کو (پیدا کرنا) چاہتا ہے تو وہ کہہ دیتا ہے

لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ۝ فَسُبْحٰنَ الَّذِي

کہ ہو جا تو (فوراً) ہو جاتی ہے، تو وہ خدا (ہر نقص سے) پاک صاف

وقف غفران

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ
ہے جس کے قبضۂ قدرت میں ہر چیز کی حکومت ہے اور تم لوگ اسی
تُرْجَعُوْنَ ؏
کی طرف لوٹ کر جاؤ گے

ع ۵
۱۶
۴

## اسناد سورۃ الفتح

اس سورۂ مبارکہ کے فضائل بے شمار ہیں، مخبر صادق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اپنی جان و مال عورتوں اور لونڈیوں کی حفاظت چاہتا ہے وہ اس سورۂ مبارکہ کو پڑھے، اور جو شخص ہمیشہ اس سورہ کو پڑھے گا روز محشر ایک آواز آئے گی کہ اے بندے تو میرے خالص بندوں سے ہے اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اس کو میرے خاص بندوں میں شامل کردو۔ اور بہشت کی نعمتوں اور شراب طہور سے سیراب کرو۔

www.shiabookspdf.com

اٰیاتُھا ۲۹ (۴۸) سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ (۱۱۱) رکوعاتھا ۴

سورۂ فتح مدینہ میں نازل ہوا۔ اور اس کی انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ لِّيَغْفِرَ
(اے رسول یہ حدیبیہ کی صلح نہیں بلکہ) ہم نے حقیقتاً تم کو کھلم کھلا فتح عطا کی تاکہ خدا
لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا
تمہاری امت کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف کر دے اور تم پر
تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ
اپنی نعمت پوری کرے اور تمہیں

صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۙ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ

سیدھی راہ پر ثابت قدم رکھے ، اور خدا تمہاری زبردست

نَصْرًا عَزِيزًا ۝ هُوَ الَّذِيٓ اَنْزَلَ

مدد کرے ، وہ وہی (خدا) تو ہے جس نے

السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ

مومنین کے دلوں میں تسلی نازل فرمائی

لِيَزْدَادُوٓا اِيمَانًا مَّعَ اِيمَانِهِمْ ۗ

تاکہ اپنے (پہلے) ایمان کے ساتھ اور ایمان کو بڑھائیں

وَلِلّٰهِ جُنُودُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ

اور سارے آسمان و زمین کے لشکر تو خدا ہی کے ہیں ،

www.shiabookspdf.com

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ۙ لِّيُدْخِلَ

اور خدا بڑا واقف کار حکیم ہے ، تاکہ مومن مرد

الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِي

اور مومنہ عورتوں کو (بہشت) کے باغوں میں جا پہنچائے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا وَ

جن کے نیچے نہریں جاری ہیں یہ وہاں ہمیشہ رہیں گے اور

يُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ۗ وَكَانَ ذٰلِكَ

ان کے گناہوں کو ان سے دور کردے اور یہ

عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيمًا ۙ ۝ وَّيُعَذِّبَ

خدا کے نزدیک بڑی کامیابی ہے اور منافق مرد

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

مرد اور منافق عورتیں اور مشرک مرد

وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ

اور مشرک عورتوں پر جو خدا کے حق میں بُرے بُرے خیال رکھتے

السَّوْءِ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ وَغَضِبَ

ہیں عذاب نازل کرے اُن پر (مصیبت) کی بڑی گردش ہے، اور خدا اُن

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ

پر غضب ناک ہے اور اُس نے اُن پر لعنت کی ہے اور اُن کے لئے جہنم

جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ○ وَلِلّٰهِ

کو تیار کر رکھا ہے اور وہ کیا بُری جگہ ہے، اور سارے

www.shiabookspdf.com

جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَكَانَ

آسمان اور زمین کے لشکر خدا ہی کے ہیں اور خدا

اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

تو بڑا واقف کار اور غالب ہے، (اے رسولؐ) ہم نے تم کو (تمام

شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ○ لِّتُؤْمِنُوْا

عالم کا) گواہ اور خوشخبری دینے والا اور دھمکی دینے والا (پیغمبر بنا کر) بھیجا

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَ

تاکہ (مسلمانو) تم لوگ خدا اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اسکی مدد

تُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّ

کرو اور اُس کو بزرگ سمجھو اور صبح و شام اس کی

اَصِيْلًا ○ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا

تسبیح کرو، بے شک جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہیں وہ خدا ہی سے

يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ۭ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ

بیعت کرتے ہیں، خدا کی قوت و قدرت تو سب کی قوت پر غالب ہے

فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ

تو جو عہد کو توڑے گا تو اپنے نقصان کے لئے عہد توڑتا ہے،

وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ

اور جس نے اس بات کو جس کا اس نے خدا سے عہد کیا ہے پورا کیا

فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ع ○ سَيَقُوْلُ ع ۱۰/۹

تو اس کو عنقریب ہی اجر عظیم عطا فرمائے گا، جو گنوار دیہاتی

www.shiabookspdf.com

لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ

(حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے اب وہ تم سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور

اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ

لڑکے بالوں نے روک رکھا تھا تو آپ ہمارے واسطے (خدا سے) مغفرت کی دعا

يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ

مانگئے یہ لوگ اپنی زبان سے ایسی باتیں کہتے ہیں جو ان کے دل

قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ

میں نہیں (اے رسول) تم کہہ دو کہ اگر خدا تم لوگوں کو نقصان

اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ

پہنچانا چاہے یا تمہیں فائدہ پہنچانے کا ارادہ کرے تو خدا کے مقابلے میں

اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ط بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا

تمہارے لئے کس کا بس چل سکتا ہے بلکہ جو کچھ تم کرتے ہو خدا

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ○ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ

اس سے خوب واقف ہے (یہ فقط تمہارے حیلے ہیں) بات یہ ہے کہ

لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى

تم یہ سمجھے بیٹھے تھے کہ رسولؐ اور مومنین ہرگز کبھی اپنے لڑکے

اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِىْ قُلُوْبِكُمْ

بالوں میں پلٹ کر آنے ہی کے نہیں (اور سب مار ڈالے جائیں گے) اور یہی بات

وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ صلے وَكُنْتُمْ قَوْمًا

تمہارے دلوں میں کھپ گئی تھی اور (اسی وجہ سے) تم طرح طرح کی بدگمانیاں کرنے

www.shiabookspdf.com

بُوْرًا ○ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَ

لگے تھے اور آخر کار تم لوگ آپ برباد ہوئے، اور جو شخص خدا اور اس کے رسول

رَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

پر ایمان نہ لائے تو ہم نے (ایسے) کافروں کے لئے جہنم کی آگ تیار کر

سَعِيْرًا ○ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ

رکھی ہے، اور سارے آسمان اور زمین کی بادشاہت خدا

الْاَرْضِ ط يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ

ہی کی ہے جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے سزا

يَّشَآءُ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ○ سَيَقُوْلُ

دے اور خدا تو بڑا بخشنے والا مہربان ہے، (مسلمانو) اب جو

الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انْطَلَقْتُمْ إِلَىٰ مَغَانِمَ

تم (خیبر کی) غنیمتوں کو لینے جانے لگو گے تو جو لوگ (حدیبیہ سے) پیچھے رہ گئے

لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ ۖ يُرِيدُونَ

تھے تم سے کہیں گے کہ ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو یہ چاہتے ہیں کہ خدا کے

أَنْ يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ ۚ قُلْ لَنْ تَتَّبِعُونَا

کلام کو بدل دیں ، (صاف) کہہ دو کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ

كَذَٰلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِنْ قَبْلُ ۖ فَسَيَقُولُونَ

چلنے نہیں پاؤ گے ، خدا نے پہلے ہی سے ایسا فرمادیا ہے تو یہ لوگ کہیں گے کہ

بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ

www.shiabookspdf.com

تم لوگ ہم سے حسد رکھتے ہو (خدا ایسا کیا کہے گا) بات یہ ہے کہ یہ لوگ بہت

إِلَّا قَلِيلًا ۝ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ مِنَ

ہی کم سمجھتے ہیں ، جو گنوار پیچھے رہ گئے تھے اُن سے کہہ دو کہ عنقریب ہی تم

الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي

ایک سخت جنگجو قوم کے (ساتھ لڑنے کے) لئے بلائے جاؤ گے کہ تم (یا تو) ان سے لڑتے

بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۖ

ہی رہو گے ، یا وہ مسلمان ہو جائیں گے

فَإِنْ تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ۖ

پس اگر تم (خدا کا) حکم مانو گے تو خدا تم کو اچھا بدلہ دے گا ،

وَإِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِنْ قَبْلُ

اور اگر تم نے جس طرح پہلی دفعہ سرتابی کی تھی اب بھی سرتابی کرو گے

يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ○ لَيْسَ عَلَى

تو وہ تم کو دردناک عذاب کی سزا دے گا، (جہاد سے پیچھے رہ جانیکا) نہ تو

الْأَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ

اندھے ہی پر کچھ گناہ ہے اور نہ لنگڑے ہی پر کچھ گناہ

وَّلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ط وَمَنْ يُّطِعِ

اور نہ بیمار پر گناہ ہے، اور جو شخص خدا اور

اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِي

اس کے رسول کا حکم مانے گا تو وہ اس کو (بہشت) کے ان سدا بہار

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ج وَمَنْ يَّتَوَلَّ

www.shiabookspdf.com

باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور جو سرتابی کرے گا

ع ۲/۷ ۱۰ نصف يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ○ ع لَقَدْ رَضِيَ

وہ اس کو دردناک عذاب کی سزا دے گا، جس وقت مومنین تم سے

اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ

درخت کے نیچے (لڑنے مرنے) کی بیعت کر رہے تھے تو خدا ان سے (اس بات)

تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ

ضرور خوش ہوا غرض جو کچھ ان کے دلوں میں تھا خدا نے اسے دیکھ لیا، پھر

فَأَنْزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا

ان پر تسلی نازل فرمائی اور انھیں اسکے عوض

قَرِيبًا ○ لا وَّمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَّأْخُذُونَهَا ط

میں بہت جلد فتح عنایت کی، اور اسکے علاوہ بہت سی غنیمتیں (بھی) جو انہوں نے حاصل کیں

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○ وَعَدَكُمُ

(عطا فرمائیں) اور خدا تو غالب اور حکمت والا ہے، خدا نے تم سے بہت سی

اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ

غنیمتوں کا وعدہ فرمایا تھا کہ تم ان پر قابض ہوگے تو اس نے تمہیں یہ

لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ج

(خیبر کی غنیمت) جلدی سے دلوادی اور (حدیبیہ سے) لوگوں کی دست درازی کو

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ

تم سے روک دیا اور غرض یہ تھی کہ یہ مومنین کے لئے (قدرت کا) نمونہ ہو،

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ○ لا وَّاُخْرٰى لَمْ

اور خدا تم کو سیدھی راہ پر لے چلے، اور دوسری (غنیمتیں بھی دیں)

www.shiabookspot.com

تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ط

جن پر تم قدرت نہیں رکھتے تھے (اور) خدا ہی ان پر حاوی تھا

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ○

اور خدا تو ہر چیز پر قادر ہے،

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا

اور اگر کفار تم سے لڑتے تو ضرور پیٹھ پھیر کر

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا

بھاگ جاتے پھر وہ نہ (اپنا) کسی کو سرپرست ہی پاتے

نَصِيْرًا ○ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ

اور نہ مددگار، یہی خدا کی عادت ہے جو پہلے ہی سے چلی

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ

آتی ہے ، اور تم خدا کی عادت بدلتے

تَبْدِيْلًا ۝ وَهُوَ الَّذِیْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ

نہ دیکھو گے ، اور وہ وہی تو ہے جس نے تم کو ان کفار

عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ

پر فتح دینے کے بعد مکہ کی سرحد میں ان کے ہاتھ تم سے اور

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ

تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے اور تم

اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۝ هُمُ

لوگ جو کچھ بھی کرتے تھے خدا اسے دیکھ رہا تھا ، یہ وہی

www.shiabookspdf.com

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

لوگ تو ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد الحرام (میں جانے)

الْحَرَامِ وَالْهَدْیَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ

سے روکا اور قربانی کے جانوروں کو بھی (نہ آنے دیا) کہ وہ اپنی

مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَ

(مقرر) جگہ (میں) پہنچنے سے رکے رہے ، اور اگر کچھ ایسے ایماندار مرد اور

نِسَآءٌ مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ

ایماندار عورتیں نہ ہوتیں جن سے تم واقف نہ تھے کہ تم ان کو (لڑائی میں

فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ

کفار کے ساتھ پامال کر ڈالتے پس تم کو ان کی طرف سے بے خبری میں نقصان پہنچ جاتا

لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِىْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ج

(تو اسی وقت تم کو فتح ہوئی مگر تاخیر) اس لئے ہوئی کہ خدا جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ

کرے اور اگر وہ ایماندار (کفار سے) الگ ہو جاتے تو ان میں سے جو لوگ کافر تھے

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ہم انہیں دردناک عذاب کی ضرور سزا دیں گے، (یہ وہ وقت تھا) جب کافروں نے

فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ

اپنے دلوں میں ضد ٹھان لی تھی اور ضد بھی جاہلیت کی سی تو خدا نے

فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَ

www.shiabookspdf.com

اپنے رسول اور مومنین (کے دلوں) پر اپنی طرف سے تسکین نازل فرمائی اور

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى

ان کو پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور یہ لوگ اسی

وَكَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا ط وَكَانَ

کے سزاوار اور اہل بھی تھے اور خدا تو

اللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمًا ۝ ع لَقَدْ صَدَقَ ۳ ع ۹ ۱۱

ہر چیز سے خبردار ہے، بے شک خدا نے

اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ج لَتَدْخُلُنَّ

اپنے رسول کو سچا مطابق واقعہ خواب دکھایا تھا کہ تم لوگ انشاءاللہ

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

مسجد الحرام میں اپنے سر منڈوا کر اور اپنے تھوڑے سے

آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ

بال کترا کر بہت امن و اطمینان سے داخل ہو گئے (اور) کسی طرح کا

لَا تَخَافُونَ ۖ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ

خوف نہ کرو گے تو جو بات تم نہیں جانتے اس کو معلوم تھی تو اس نے

مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا ۝ هُوَ

فتح مکہ سے پہلے ہی بہت جلد فتح (خیبر) عطا کی وہ

الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَ

وہی تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے

دِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ

کر بھیجا تاکہ اس کو تمام دینوں پر

www.shiabookspdf.com

كُلِّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝ مُحَمَّدٌ

غالب رکھے اور گواہی کے لئے تو بس خدا کافی ہے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ

رَسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ

وسلم) خدا کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں کافروں

عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ ۖ تَرَاهُمْ

پر بڑے سخت ہیں اور آپس میں بڑے رحم دل ہیں تو ان کو دیکھے

رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ

گا (کہ خدا کے سامنے) جھکے سربسجود ہیں خدا کے فضل اور اس کی

اللَّهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيمَاهُمْ فِي

خوشنودی کے خواستگار ہیں کثرت سجود کے اثر سے ان کی

وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ

پیشانیوں پر گھٹے پڑے ہوئے ہیں یہی

مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۖۛ وَمَثَلُهُمْ

اوصاف ان کے توریت میں بھی ہیں، اور یہی حالات انجیل

فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــٴَهٗ

میں (بھی مذکور) ہیں وہ گویا ایک کھیتی ہیں جس نے (پہلے زمین سے)

فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى

اپنی سوئی نکالی پھر (اجزائے زمین کو غذا بنا کر) اسی سوئی کو مضبوط کیا تو وہ

سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ

موٹی ہوئی پھر اپنی جڑ پر سیدھی کھڑی ہو گئی اور اپنی تازگی سے کسانوں کو خوش کرنے

الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

لگی (اور اتنی جلدی ترقی اسلئے دی) تاکہ ان کے ذریعے کافروں کا جی جلائے جو لوگ ایمان

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً

لائے اور اچھے (اچھے) کام کرتے رہے خدا نے ان سے بخشش

وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝ ع

اور اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے

## اَسْنَادُ سُوْرَهٔ نَبَا

اس سورہ کو معصرات اور تساءلون بھی کہتے ہیں، امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے اور ہر روز اس کی تلاوت کرے اسی سال بیت اللہ شریف کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ منقول ہے کہ جس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو اسلام کی طرف بلانا ظاہر کیا اور قرآن کریم کو لوگوں

معانقہ ۱۳
ع ۳ ۱۲

www.shiabookspdf.com

کے روبرو پڑھا اور قیامت کے روز سے ڈرایا لوگوں نے حضرت کی نبوت اور قرآن کریم کے نازل ہونے میں اور قیامت کے واقع ہونے میں اختلاف کیا اس وقت یہ سورہ نازل ہوا۔

آیاتہا ۴۰ (۷۸) سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ (۸۰) رکوعاتہا ۲

سورہ نبأ مکہ میں نازل ہوا اور اس کی چالیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ○ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ ○

یہ لوگ آپس میں کس چیز کا حال پوچھتے ہیں، ایک بڑی خبر کا حال

الَّذِیْ هُمْ فِیْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ○ كَلَّا

جس میں لوگ اختلاف کر رہے ہیں، دیکھو انہیں

سَيَعْلَمُوْنَ ○ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ○

عنقریب ہی معلوم ہو جائیگا، پھر انہیں عنقریب ہی ضرور معلوم ہو جائے گا،

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ○

کیا ہم نے زمین کو بچھونا اور

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ○ وَّخَلَقْنٰكُمْ

پہاڑوں کو (زمین) کی میخیں نہیں بنایا، اور ہم نے تم لوگوں کو جوڑا

اَزْوَاجًا ○ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ○

جوڑا پیدا کیا اور تمہاری نیند کو آرام (کا باعث) قرار دیا،

وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ○ وَّجَعَلْنَا

اور رات کو پردہ بنایا، اور ہم ہی نے

www.shiabookspdf.com

اَلنَّهَارَ مَعَاشًا ۝ وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ

دن کو (کسب) معاش (کا وقت) بنایا، اور تمہارے اوپر سات مضبوط

سَبْعًا شِدَادًا ۝ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا

(آسمان) بنائے اور ہم ہی نے (سورج) کو

وَّهَّاجًا ۝ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ

روشن چراغ بنایا اور ہم ہی نے بادلوں سے موسلا دھار

مَآءً ثَجَّاجًا ۝ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ

پانی برسایا تاکہ اس کے ذریعہ سے دانے اور

نَبَاتًا ۝ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝ اِنَّ يَوْمَ

سبزی اور گھنے باغ پیدا کریں بے شک فیصلے

www.shiabookspdf.com

الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝ يَّوْمَ يُنْفَخُ

کا دن مقرر ہے، جس دن صور

فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝ وَّ

پھونکا جائے گا اور تم لوگ گروہ گروہ حاضر ہو گے اور

فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝ وَّ

آسمان کھول دیئے جائیں گے تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے اور

سُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝

پہاڑ (اپنی جگہ سے) چلائے جائیں تو ریت ہو کر رہ جائیں گے،

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝

بے شک جہنم گھات میں ہے،

لِّلطَّٰغِينَ مَآبًا ○ لَّٰبِثِينَ فِيهَآ أَحْقَابًا ○

سرکشوں کا وہی ٹھکانا ہے، اس میں مدتوں پڑے جھلستے رہیں گے

لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ○

نہ وہاں ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے، اور نہ کھولتے ہوئے

إِلَّا حَمِيمًا وَّغَسَّاقًا ○ جَزَآءً وِّفَاقًا ○

پانی اور بہتی ہوئی پیپ کے سوا کچھ پینے کو ملے گا، (یہ انکی کارستانیوں کا) پورا

إِنَّهُمْ كَانُوا۟ لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ○

پورا بدلہ ہے، بیشک یہ لوگ آخرت کے حساب کی امید ہی نہ رکھتے تھے

وَّكَذَّبُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا كِذَّابًا ○ وَكُلَّ

اور ان لوگوں نے ہماری آیتوں کو بری طرح جھٹلایا، اور ہم نے ہر چیز

www.shiabookspdf.com

شَىْءٍ أَحْصَيْنَٰهُ كِتَٰبًا ○ فَذُوقُوا۟

کو لکھ کر منضبط کر رکھا ہے، تو اب تم مزہ چکھو

فَلَن نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ○ إِنَّ ع ۳۰ ۱

ہم تو تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے، بے شک

لِلْمُتَّقِينَ مَفَازًا ○ حَدَآئِقَ وَ

پرہیزگاروں ہی کے لئے بڑی کامیابی ہے (یعنی بہشت کے) باغ اور

أَعْنَٰبًا ○ وَّكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ○

انگور اور عورتیں جن کی اٹھتی جوانیاں اور باہم ہمجولیاں ہیں

وَّكَأْسًا دِهَاقًا ○ لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا

اور شراب کے لبریز ساغر، وہاں نہ تو بیہودہ باتیں سنیں گے

لَغْوًا وَّ لَا كِذّٰبًا ۝ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ

اور نہ جھوٹ (یہ) تمہارے پروردگار کی طرف سے

عَطَآءً حِسَابًا ۝ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ

کافی انعام اور صلہ ہے جو سارے آسمان اور زمین اور

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ

جو ان دونوں کے بیچ میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۝ يَوْمَ

لوگوں کو اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہوگا، جس دن

يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا

جبرائیل اور فرشتے اس کے سامنے پرا باندھ کر کھڑے ہوں گے

www.shiabookspdf.com

لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ

(اس دن) اس سے کوئی بات نہ کرسکے گا، مگر جسے خدا اجازت

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ ذٰلِكَ

دے اور وہ ٹھکانے کی بات کہے، وہ

الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ

دن برحق ہے تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار کی بارگاہ

اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ

میں (اپنا) ٹھکانا بنائے ہم نے تم لوگوں عنقریب آنے

عَذَابًا قَرِيْبًا ۵ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ

والے عذاب سے ڈرا دیا جس دن آدمی اپنے ہاتھوں پہلے

مَا قَدَّمَتۡ يَدٰهُ وَيَقُوۡلُ الۡكٰفِرُ

سے بھیجے ہوئے (اعمال) کو دیکھے گا اور کافر کہے گا،

يٰلَيۡتَنِىۡ كُنۡتُ تُرٰبًا ۝ ع

۲ ع ۱۰ ۲

کاش! میں خاک ہو جاتا

## اسنادِ سورۂ واقعہ

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر شب سورہ واقعہ کو سونے سے پہلے پڑھے جس وقت حق تعالیٰ سے ملاقاتی ہوگا تو اس کا چہرہ مثل ماہ شب چہاردہ کے تاباں ہوگا، اور امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ کو یہ سورہ پڑھے تو خدائے تعالیٰ اس کو اپنا دوست گردانے اور تمام لوگوں کے دلوں میں اس کی دوستی کو ڈال دے اور ہرگز فقیری کو نہ دیکھے اور محتاج نہ ہووے اور دنیا کی آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے اور حضرت امیرالمومنین سے انہیں سے اور منقول ہے کہ عثمان ابن عفان عبداللہ ابن مسعود کی عیادت کو جبکہ وہ مرض الموت میں گرفتار تھے، گیا، عثمان نے اس سے پوچھا کہ تمہیں کس چیز کی شکایت ہے؟ کہا اپنے گناہوں کی، پھر پوچھا کہ کیا آرزو رکھتے ہو؟ کہا رحمت پروردگار کی، بعد اس کے دریافت کیا کہ طبیب کو بلاؤں کہ تمہارا علاج کرے؟ کہا طبیب ہی نے مجھ کو بیمار ڈالا ہے، کہا کچھ بخشش تجھ کو دوں؟ کہا جب میں محتاج تھا اس وقت تو نے بخشش کو مجھ سے بند رکھا اور اب جو مجھ کو احتیاج نہیں تو مجھ کو دینا چاہتا ہے، عثمان نے کہا تیرے بیٹوں کو کچھ بخشوں؟ کہا ان کو احتیاج نہیں ہے اسواسطے کہ سورہ واقعہ ان کو تعلیم کیا ہے اور وہ ہمیشہ اس کی تلاوت کرتے ہیں اور میں نے جناب رسولؐ خدا سے سنا ہے کہ جو شخص ہر شب اس سورۃ کو پڑھے ہرگز فقیر و محتاج نہ ہوگا خداوند عالم وسعت رزق اس کو عطا فرمائے گا۔

سورۃ واقعہ شب شنبہ شروع کرنا چاہیئے اور ہر شب میں تین مرتبہ پڑھے اور شب جمعہ آٹھ مرتبہ، یا پانچ ہفتہ اس طرح مداومت کرے اور قبل شروع سورہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا مِنْ غَيْرِ كَدٍّ وَّاسْتَجِبْ دَعْوَتِيْ مِنْ غَيْرِ رَدٍّ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فَضِيْحَتَيِ الْفَقْرِ وَالدَّيْنِ وَادْفَعْ عَنِّيْ هٰذَيْنِ بِحَقِّ الْاِمَامَيْنِ السِّبْطَيْنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ ؑ

www.shiabookspdf.com

آیاتها ۹۶ سُورَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ (۵۶) (۴۶) رکوعاتها ۳

سورہ واقعہ مکہ میں نازل ہوا اور اس کی چھیانوے آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ○ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا

جب قیامت برپا ہو گی (اور) اس کے واقع ہونے میں ذرا جھوٹ نہیں (اسوقت

كَاذِبَةٌ ○ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ○ اِذَا

لوگوں میں فرق ظاہر ہوگا کہ) کسی کو پست کرے گی کسی کو بلند، جب

رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ○ وَّبُسَّتِ

زمین بڑے زوروں میں ہلنے لگے گی اور پہاڑ (ٹکرا کر)

الْجِبَالُ بَسًّا ○ فَكَانَتْ هَبَآءً

بالکل چور چور ہو جائیں گے، پھر ذرے بن کر اڑنے

مُّنْۢبَثًّا ○ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ○

لگیں گے، اور تم لوگ تین قسم کے ہو جاؤ گے،

فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۥ مَآ اَصْحٰبُ

تو داہنے ہاتھ (میں اعمال لینے) والے (واہ) داہنے ہاتھ والے کیا (چین

الْمَيْمَنَةِ ○ وَاَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ۥ

میں) ہیں، اور بائیں ہاتھ (میں نامۂ اعمال لینے) والے

مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ○ وَالسّٰبِقُوْنَ

(افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں) ہیں اور جو آگے بڑھ جانیوالے

وقف لازم

www.shiabookspdf.com

السّٰبِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ فِیْ

ہیں (واہ کیا کہنا) وہ آگے بڑھنے والے ہی تھے، یہی لوگ خدا کے مقرب ہیں ،

جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ ۝

آرام و آسائش کے باغوں میں بہت سے تو اگلوں میں سے ہوں گے

وَقَلِیْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ۝ عَلٰی سُرُرٍ

اور کچھ تھوڑے سے پچھلے لوگوں میں سے ، موتی اور یاقوت سے جڑے ہوئے

مَّوْضُوْنَةٍ ۝ مُّتَّكِـِٕیْنَ عَلَیْهَا مُتَقٰبِلِیْنَ ۝

سونے کی تاروں سے بنے ہوئے تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے تکیہ لگائے بیٹھے

یَطُوْفُ عَلَیْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۝

ہوں گے نوجوان لڑکے جو بہشت میں ہمیشہ لڑکے ہی بنے رہیں گے (شربت وغیرہ

www.shiabookspdf.com

بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِیْقَ ۝ وَكَاْسٍ مِّنْ

کے) ساغر اور چمکدار ٹونٹی دار کنٹر اور شفاف شراب کے جام لئے ہوئے ان کے پاس

مَّعِیْنٍ ۝ لَّا یُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا

چکر لگاتے ہوں گے، جس کے (پینے) سے نہ تو ان کو (خمار سے) درد سر ہوگا اور

یُنْزِفُوْنَ ۝ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا یَتَخَیَّرُوْنَ ۝

وہ بدحواس مدہوش ہوں گے اور جس قسم کے میوے پسند کریں اور جس

وَلَحْمِ طَیْرٍ مِّمَّا یَشْتَهُوْنَ ۝ وَحُوْرٌ

قسم کے پرند کا گوشت ان کا جی چاہے (سب موجود ہے) اور بڑی بڑی

عِیْنٌ ۝ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۝

آنکھوں والی حوریں جیسے احتیاط سے رکھے ہوئے موتی ،

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ لَا يَسْمَعُوْنَ

یہ بدلا ہے اُن کے (نیک) اعمال کا ، وہاں نہ تو بیہودہ

فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ○ لا اِلَّا قِيْلًا

باتیں سنیں گے اور نہ گناہ کی بات (فحش) بس ان کا کلام

سَلٰمًا سَلٰمًا ○ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۵ ط

سلام ہی سلام ہوگا ، اور داہنے ہاتھ والے (واہ)

مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ط ○ فِيْ سِدْرٍ

داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا ہے ، بے کانٹے کی

مَّخْضُوْدٍ ○ لا وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ○ لا وَّ

بیریوں اور لدے گچھے ہوئے کیلوں اور

www.shiabookspdf.com

ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ○ لا وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ○ لا

لمبی لمبی چھاؤں اور جھرنے کے پانی

وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ○ لا لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّ

اور الغاروں میووں میں ہوں گے جو نہ کبھی ختم ہوں گے اور

لَا مَمْنُوْعَةٍ ○ لا وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ط ○

نہ ان کی کوئی روک ٹوک اور اونچے اونچے (نرم بچھونوں کے) فرش

اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ○ لا فَجَعَلْنٰهُنَّ

میں (مزے کرتے ہونگے) ان کو وہ حوریں ملیں گی جن کو ہم نے نت نیا پیدا کیا

اَبْكَارًا ○ لا عُرُبًا اَتْرَابًا ○ لا لِّاَصْحٰبِ

ہے تو ہم نے انہیں کنواریاں پیاری پیاری ہمجولیاں بنایا (یہ سب سامان)

ع ۱ ۴۸ ۱۴ الْيَمِيْنِ ۝ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝ وَ

داہنے ہاتھ (میں نامہ اعمال لینے) والوں کے واسطے ہے (ان میں) بہت سے تو اگلے

ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَ اَصْحٰبُ

لوگوں میں سے اور بہت سے پچھلے لوگوں میں سے اور بائیں ہاتھ میں نامۂ

الشِّمَالِ ۵ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝

اعمال لینے والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (مصیبت میں) ہیں

فِيْ سَمُوْمٍ وَّ حَمِيْمٍ ۝ وَّظِلٍّ مِّنْ

(دوزخ) کی لوں اور کھولتے ہوئے پانی اور کالے سیاہ

يَّحْمُوْمٍ ۝ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝

دھوئیں کے سایہ میں ہوں گے جو نہ ٹھنڈا ہے اور نہ خوش آیند

www.shiabookspdf.com

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝

یہ لوگ اس سے پہلے (دنیا میں) خوب عیش اڑا چکے تھے ،

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝

اور بڑے گناہ (شرک) پر اڑے ہوئے تھے

وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۵ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا

اور کہا کرتے تھے کہ بھلا جب ہم مرجائیں گے اور (سڑ

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝

گل کر) مٹی اور ہڈیاں (ہی ہڈیاں) رہ جائیں گے تو کیا ہم یا

اَوَ اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّ

ہمارے اگلے باپ دادوں کو پھر اٹھنا ہے ، (اے رسول) تم کہدو

اَلْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝ لَمَجْمُوْعُوْنَ

کہ اگلے اور پچھلے سب کے سب روز معین کی میعاد پر ضرور

اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ ثُمَّ اِنَّكُمْ

اکٹھے کئے جائیں گے ، پھر تم کو

اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ۝

بے شک اے گمراہو جھٹلانے والو یقیناً (جہنم میں)

لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۝

تھوہر کے درختوں میں سے کھانا ہوگا ،

فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝ فَشٰرِبُوْنَ

تو تم لوگوں کو اسی سے اپنا پیٹ بھرنا ہوگا ، پھر اس کے

www.shiabookspdf.com

عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ۝ فَشٰرِبُوْنَ

اوپر کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا ، اور پیوگے بھی تو

شُرْبَ الْهِيْمِ ۝ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ

پیاسے اونٹ کا سا (ڈگڈگا کے) پینا ، قیامت کے دن یہی ان کی

الدِّيْنِ ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْلَا

مہمانی ہوگی ، تم لوگوں کو (پہلی بار بھی) ہم نے ہی پیدا کیا ہے

تُصَدِّقُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝

پھر تم لوگ دوبارہ کیوں نہیں تصدیق کرتے تو جس نطفہ کو تم (عورتوں کے) رحم

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝

میں ڈالتے ہو کیا تم نے دیکھ بھال لیا ہے کیا تم اس سے آدمی بناتے ہو یا ہم بناتے ہیں

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا
ہم نے تم لوگوں میں موت کو مقرر کر دیا ہے اور ہم
نَحْنُ بِمَسْبُوقِيْنَ ۝ عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ
اس سے عاجز نہیں ہیں کہ تمہارے ایسے اور لوگ بدل
اَمْثَالَكُمْ وَ نُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝
ڈالیں اور تم لوگوں کو اس (صورت) میں پیدا کریں جسے تم مطلق نہیں جانتے
وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا
تم نے پہلی پیدائش تو سمجھ ہی لی ہے (کہ ہم نے کی) پھر تم
تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝
غور کیوں نہیں کرتے، بھلا دیکھو تو کہ جو کچھ تم لوگ بوتے ہو
ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝
کیا تم لوگ اسے اگاتے ہو یا ہم اگاتے ہیں،
لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ
اگر ہم چاہتے تو اسے چور چور کر دیتے تو تم باتیں ہی
تَفَكَّهُوْنَ ۝ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝ بَلْ
بناتے رہ جاتے کہ (ہائے) ہم تو (مفت) تاوان میں پھنسے (نہیں)
نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ
ہم تو بد نصیب ہی ہیں، تو کیا تم نے پانی پر بھی نظر
الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ
ڈالی جو (دن رات) پیتے ہو، کیا اس کو بادل سے تم نے

www.shiabookspdf.com

مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ○

برسایا ہے یا ہم برساتے ہیں

لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا

اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں تو تم لوگ شکر

تَشْكُرُوْنَ ○ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ

کیوں نہیں کرتے تو کیا تم نے آگ پر بھی غور کیا ہے

تُوْرُوْنَ ○ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَا

جسے تم لکڑی سے نکالتے ہو کیا اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے

اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ○ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا

یا ہم پیدا کرتے ہیں ہم نے آگ کو (جہنم) کی

www.shiabookspdf.com

تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ○ فَسَبِّحْ

یاد دہانی اور مسافروں کے نفع کیواسطے پیدا کیا ، تو (اے رسول)

بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ○ فَلَآ اُقْسِمُ ع ۳ ۱۵

تم اپنے بزرگ پروردگار کی تسبیح کرو تو میں تاروں کے

بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ○ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ

منازل کی قسم کھاتا ہوں ، اور اگر تم سمجھو تو

تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ○ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ

یہ بڑی قسم ہے ، کہ بے شک یہ بڑے رتبے کا

كَرِيْمٌ ○ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ○ لَّا يَمَسُّهٗ

قرآن ہے جو کتاب (لوح) محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے اس کو تو بس وہی

إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ ۝ تَنْزِيلٌ مِّنْ

لوگ چھوتے ہیں جو پاک ہیں سارے جہان

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ

کے پروردگار کی طرف سے (محمدؐ پر نازل ہوا) ہے، تو کیا تم لوگ اس

اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ

کلام سے انکار رکھتے ہو، اور تم نے اپنی روزی یہ قرار دے

اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ

لی ہے کہ اس کو جھٹلاتے ہو، تو کیا جب جان گلے تک آ

الْحُلْقُوْمَ ۝ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝

پہنچتی ہے اور تم اس وقت (کی حالت) پڑے دیکھا کرتے ہو

www.shiabookspdf.com

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ

اور ہم اس مرنے والے سے تم سے بھی زیادہ نزدیک ہوتے ہیں لیکن

لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ

تم کو دکھائی نہیں دیتا، تو اگر کسی دباؤ میں نہیں ہو تو اگر

غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ

(اپنے دعوے میں) تم سچے ہو تو روح کو پھیر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ

کیوں نہیں دیتے، پس اگر وہ (مرنے والا خدا کے)

مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۵

مقربین سے ہے تو (اس کے لئے) آرام و آسائش ہے اور خوشبودار

وَّجَنَّتُ نَعِيمٍ ۝ وَ اَمَّآ اِنْ كَانَ

پھول اور نعمت کے باغ ، اور اگر وہ داہنے ہاتھ والوں میں

مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ فَسَلٰمٌ

سے ہے تو (اس سے کہا جائے گا کہ) تم پر داہنے

لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝ وَاَمَّآ

ہاتھ والوں کی طرف سے سلام ہو ، اور اگر

اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۝

جھٹلانے والے گمراہوں میں سے ہے تو (اس کی)

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ۝ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ۝

مہمانی کھولتا ہوا پانی ہے اور جہنم میں داخل کر دینا ،

www.shiabookspdf.com

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۝

بے شک یہ (خبر) یقیناً صحیح ہے تو

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝ ع ۳ / ۲۲ / ۱۶

(اے رسولؐ) تم اپنے پروردگار کی تسبیح کرو ،

## اَسنادِ سورۂ ملک

حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ جناب رسولؐ خدا نے فرمایا کہ جو شخص اس سورے کو پڑھے گا قیامت کے روز نجات پائے گا اور ملائکہ کے پروں پر اڑے گا اور حُسن میں اُس کا مُنہ یوسف کے حُسن کی مانند ہو گا ، اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورہ ملک سورۂ مانعہ ہے ، اس واسطے کہ منع کرتی ہے اپنے پڑھنے والوں کو عذاب قبر سے اور توریت میں بھی اس کا نام سورہ ملک ہے جو شخص اس سورے کو شب کو پڑھے تو صاحب برکت ہو جائے اور خوشحال اور مرفہ الحال رہے اور اس کو غافلوں میں نہ لکھا جائے اور رہیں اس

www.shiabookspdf.com

سورے کو عشا کے بعد پڑھتا ہوں ، اور جو شخص اس سورے کو شب و روز
تلاوت کرے جس وقت اسے قبر میں رکھیں منکر و نکیر اس پر ظاہر ہوں اور
پاؤں اس شخص کے گویا ہو کر کہیں کہ تمہارا ہم پر قابو نہیں ہے اس واسطے
کہ یہ بندہ پائے راست وچپ پر کھڑا ہو کر سورہ ملک ہر شب و روز پڑھتا تھا
اور جس وقت اس کے شکم کی طرف آئیں تو شکم ان سے کہے گا کہ تمہارا قابو اس
بندے پر نہیں ، اس واسطے کہ مجھ کو اس بندے نے سورہ ملک کا ظرف بنایا
تھا اور جس وقت اس کی زبان کی طرف آئیں وہ اُن سے کہے گی کہ تم کو اس
بندے پر کوئی اختیار نہیں ہے اس لئے کہ یہ سورہ ملک پڑھتا تھا اور حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو شخص تبارک الذی نماز ہفتر میں
پڑھے گا خاص کر سونے سے پہلے وہ شخص ہمیشہ حفظِ خدا میں رہے گا صبح تک،
اور قیامت کے روز امنِ خدا میں ہو گا یہاں تک کہ بہشت میں داخل ہو اور اس
سورے کو منجیہ بھی کہتے ہیں اس واسطے کہ نجات دینے والا ہے اور سورہ
واقیہ بھی کہتے ہیں اس واسطے کہ عذاب قبر سے نگاہ رکھنے والا ہے رسولؐ خدا
نے فرمایا کہ " انہا واقیۃ من عذاب القبر "

www.shiabookspdf.com

آیاتہا ۳۰ — (۶۷) سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ (۷۷) — رکوعاتہا ۲

سورہ ملک مکہ میں نازل ہوا اور اس کی تیس آیتیں اور دو رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى

جس (خدا) کے قبضہ میں (سارے جہان کی) بادشاہت ہے وہ بڑی برکت

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ○ الَّذِيْ خَلَقَ

والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے جس نے موت اور زندگی

الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ

کو پیدا کیا تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے

أَحْسَنُ عَمَلًا ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝

کام میں سب سے اچھا کون ہے اور وہ غالب (اور) بڑا بخشنے والا ہے

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط

جس نے سات آسمان تلے اوپر بنا ڈالے، بھلا تجھے

مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ

خدا کی آفرینش میں کوئی کسر نظر آتی

تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی

ہے تو پھر آنکھ اٹھا کر دیکھ بھلا تجھے کوئی شگاف

مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ

نظر آتا ہے پھر دوبارہ آنکھ اٹھا کر دیکھ

www.shiabookspdf.com

كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا

تو (ہر بار تیری) نظر ناکام اور تھک کر تیری طرف

وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ

پلٹ آئے گی، اور ہم نے نیچے والے (پہلے)

الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا

آسمان کو (تاروں کے) چراغوں سے زینت دی ہے اور ہم نے ان کو

لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ

شیطان کے مارنے کا آلہ بنایا اور ہم نے ان کے لئے دہکتی ہوئی آگ کا

السَّعِيْرِ ۝ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

عذاب تیار کر رکھا ہے اور جو لوگ اپنے پروردگار کے منکر ہیں

عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ إِذَا

ان کے لئے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے، جب

أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقًا وَهِيَ

یہ لوگ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑی چیخ سنیں گے اور وہ

تَفُورُ ۝ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا

جوش مار رہی ہوگی، بلکہ گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی، جب

أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا

اس میں ان کا کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو ان سے داروغہ جہنم پوچھے گا

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۝ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ

کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانے والا پیغمبر نہیں آیا تھا وہ کہیں گے ہاں ہمارے پاس

www.shiabookspdf.com

جَاءَنَا نَذِيرٌ ۖ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ

ڈرانے والا پیغمبر تو ضرور آیا تھا، مگر ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا کہ خدا نے

اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ

تو کچھ نازل نہیں کیا، تم تو بڑی (گہری) گمراہی میں پڑے

كَبِيرٍ ۝ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا

ہو اور (یہ بھی) کہیں گے کہ اگر (انکی بات) سنتے یا سمجھتے تب تو (آج)

فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝ فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ

دوزخیوں میں نہ ہوتے، غرض وہ اپنے گناہوں کا اقرار کر

فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ

لیں گے، تو دوزخیوں کو خدا کی رحمت سے دوری ہے بیشک جو لوگ اپنے پروردگار سے

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ

بھاوے ڈرتے ہیں ان کے لئے مغفرت اور بڑا بھاری

كَبِيْرٌ ○ وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا

اجر ہے اور تم لوگ اپنی بات چھپا کر کہو یا کھلم کھلا

بِهٖ ط اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○

وہ تو دل کے بھیدوں تک سے خوب واقف ہے

اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ط وَهُوَ اللَّطِيْفُ

بھلا جس نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے اور وہ تو بڑا باریک بین

الْخَبِيْرُ ○ ع هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ ع

واقف کار ہے وہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے لئے

www.shiabookspdf.com

الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا

نرم (و ہموار) کر دیا تو اس کی اطراف و جوانب میں چلو

وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ط وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ○

پھرو اور اس کی دی ہوئی روزی کھاؤ، پھر اسی کی طرف قبر سے اٹھ کر جانا ہے

ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ

کیا تم اس شخص سے جو آسمان میں (حکومت کرتا) ہے اس بات سے بے خوف

بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ○ لا

ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دیوے پھر وہ یکبارگی الٹ پلٹ کرنے لگے

اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ

یا تم اس بات سے بے خوف ہو جو آسمان میں (سلطنت کرتا) ہے کہ تم پر

يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ط فَسَتَعْلَمُوْنَ

پتھر بھری آندھی چلائے تو تمہیں عنقریب ہی معلوم ہو

كَيْفَ نَذِيْرِ ○ وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ

جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا ہے اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں

مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ○

نے جھٹلایا تھا تو (دیکھو) میری ناخوشی کیسی تھی،

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ

کیا اُن لوگوں نے اپنے سروں پر چڑیوں کو اڑتے نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے

وَّيَقْبِضْنَ ؔ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ط

وقف لازم
وقف غفران
وقف منزل

رہتی ہیں اور سمیٹ لیتی ہیں کہ خدا کے سوا انہیں کوئی نہیں روکے رہ سکتا

www.shiabookspdf.com

اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍۢ بَصِيْرٌ ○ اَمَّنْ هٰذَا

ہے، بیشک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے، بھلا خدا کے سوا

الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ

ایسا کون ہے جو تمہاری فوج بن کر تمہاری

دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ط اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا

مدد کرے، کافر لوگ تو دھوکے ہی (دھوکا

فِيْ غُرُوْرٍ ○ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ

میں ہیں، بھلا خدا اگر اپنی (دی ہوئی) روزی

يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ط بَلْ

روک لے تو کون ایسا ہے جو تمہیں رزق دے مگر یہ

لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ○ اَفَمَنْ

کفار تو سرکشی اور نفرت (کے بھنور) میں پھنسے ہوئے ہیں بھلا جو شخص

يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰى

اوندھا اپنے منہ کے بل چلے وہ زیادہ ہدایت یافتہ ہوگا

اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ

یا وہ شخص جو سیدھا برابر راہِ راست پر چل

مُّسْتَقِيْمٍ ○ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ

رہا ہو (اے رسولؐ) تم کہدو کہ خدا تو وہی ہے جس

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَ

نے تم کو نِت نیا پیدا کیا اور تمہارے واسطے کان اور آنکھیں اور

الْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ○

دِل بنائے مگر تم تو بہت کم شکر ادا کرتے ہو،

قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ

کہدو وہی تو وہ ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلا دیا

وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ

اور اسی کے سامنے جمع کئے جاؤ گے، اور کفار کہتے ہیں کہ اگر

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○

تم سچے ہو تو (آخر) یہ وعدہ کب پورا ہوگا،

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۠ وَاِنَّمَآ

(اے رسولؐ) تم کہدو (کہ (اس کا) علم بس خدا ہی کو ہے اور میں

www.shiabookspdf.com

اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ○ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

تو صرف صاف صاف (عذاب سے) ڈرانیوالا ہوں ، تو جب یہ لوگ اُسے

سِیْٓئَتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَقِیْلَ

قریب دیکھ لیں گے تو (خوف کے مارے) کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے

هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ○

اور ان سے کہا جائے گا یہ وہی ہے جس کے تم خواستگار تھے

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَ

(اے رسولؐ) تم کہدو بھلا دیکھو تو کہ اگر خدا مجھ کو اور میرے

مَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ یُّجِیْرُ

ساتھیوں کو ہلاک کردے یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو دردناک

www.shiabookspdf.com

الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ ○

عذاب سے کون پناہ دے گا

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَیْهِ

تم کہدو کہ وہی خدا بڑا رحم کرنے والا ہے جس پر ایمان لائے ہیں

تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِیْ

اور اسی پر بھروسہ کرلیا ہے تو عنقریب ہی تمہیں معلوم ہو جائیگا کہ

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ○ قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ

کون صریحی گمراہی میں پڑا ہے ، (اے رسولؐ) تم کہدو کہ بھلا دیکھو تو کہ اگر

۲۶ ع ۲ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ○ ع

تمہارا پانی زمین کے اندر چلا جائے کون ایسا ہے جو تمہارے پانی کا چشمہ بہا لائے

# اَسنادِ سورۂ الرحمٰن

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ارشاد فرمایا ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہر چیز کے واسطے ایک عروس ہے اور قرآن کریم کی عروس سورہ رحمٰن ہے۔ اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ سورہ رحمٰن کا پڑھنا ترک مت کرو یہ سورۃ منافقون کے دلوں میں نہیں ٹھہرتی ہے اور قیامت کے روز یہ سورۃ اپنے پروردگار کے روبرو خوبصورت آدمی کی شکل میں ہو کر آئے گی اور جو مقام کہ زیادہ قریب ہے وہاں کھڑی ہو گی اور کہتے ہیں کہ کسی کو ایسا مرتبہ حاصل نہ ہوا کہ وہاں کھڑا ہو، پس خدائے تعالیٰ خطاب کرے گا کہ اس سورۃ کو کون کون آدمی دنیا میں ہمیشہ تیری تلاوت کرتا تھا اور وہ سورۃ کہے گی کہ فلاں فلاں، خدائے تعالیٰ ان لوگوں کے چہروں کو روشن اور نورانی کرے گا اور کہے گا کہ جس کو تم دوست رکھتے ہو اس کی شفاعت کرو، پس جس کو چاہیں گے شفاعت کریں گے اور جس کے وہ شفیع ہوں گے اس کو خدا فرمائے گا میرے بہشت میں ساکن ہو کہ جو کچھ تیری آرزو اور خواہش ہے وہ سب وہاں موجود ہے۔

www.shiabookspdf.com

اور دوسری روایت میں ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو کوئی سورہ رحمٰن کو پڑھے اور بعد فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے لَا بِشَیْءٍ مِّنْ اٰلَآئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہے پس اگر رات کو پڑھا ہے تو مرے گا شہید، اور اگر دن کو پڑھا ہے اور پھر مر جائے گا تو شہید ہو گا، اور جمعہ کے روز سورہ رحمٰن کے پڑھنے کی اور فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ کے بعد لَا بِشَیْءٍ مِّنْ اٰلَآئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ کہنے کی بہت تاکید ہے اور ثواب ہے، اور کہتے ہیں کہ پہلے سب سے قرآن کریم کو بلند آواز سے ابن مسعود نے قریش کے روبرو پڑھا تھا، اور کیفیت اس کی اسطرح ہے کہ اصحاب ایک جگہ پر جمع تھے، کہا قریش نے قرآن نہیں سُنا ہے ہم میں سے کون ہے کہ جرأت کرکے باواز بلند ان کے رُوبرو قرآن کریم کو پڑھے، عبداللہ ابن مسعود نے کہا کہ میں پڑھوں گا، وہ اپنے مقام سے اُٹھا اور مقام ابراہیم میں گیا اور وہاں کھڑے ہو کر باواز بلند سورہ رحمٰن کو پڑھا، قریش اپنے اپنے مقام پر بیٹھے تھے اس کے پڑھنے کو سُن کر بہت تعجب کیا۔ اور آپس میں کہا کہ یہ مرد کیا کہتا ہے، پس چند آدمی ان میں سے اُٹھے اور اس کو اسقدر مارا کہ زدوکوب کے نشانات اس کے بدن پر نمایاں ہو گئے اور وہ اسی طرح پڑھتا تھا اور پڑھنے سے بند نہیں ہوتا تھا، یہاں تک کہ کئی آیتیں پڑھ کر وہاں سے پھرا، اور اصحاب نے کہا کہ ہم میں ایسی جرأت قرآن کے پڑھنے میں کوئی نہیں کر سکتا۔"

آیاتُھا (۵۵) سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِیَّۃٌ (۹۷) رکوعاتُھا ۳

سورہ رحمٰن مدینہ میں نازل ہوا اور اس کی اٹھہتر آیتیں اور تین رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ○ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ○ خَلَقَ

بڑا مہربان (خدا) اسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی اسی نے انسان

الْاِنْسَانَ ○ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ ○ اَلشَّمْسُ

کو پیدا کیا، اسی نے اس کو (اپنا مطلب) بیان کرنا سکھایا، سورج

وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ○ وَّالنَّجْمُ وَ

اور چاند ایک مقرر حساب سے چل رہے ہیں اور بوٹیاں بیلیں اور

الشَّجَرُ یَسْجُدَانِ ○ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا

درخت اسی کو سجدہ کرتے ہیں اور اسی نے آسمان بلند کیا

وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ ○ اَلَّا تَطْغَوْا فِی

اور ترازو (انصاف) کو قائم کیا تاکہ تم لوگ ترازو (سے تولنے) میں حد

الْمِیْزَانِ ○ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ

سے تجاوز نہ کرو اور انصاف کے ساتھ ٹھیک تولو

وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ○ وَالْاَرْضَ

اور تول کم نہ کرو اور اسی نے لوگوں

وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ○ فِیْهَا فَاكِهَةٌ وَّ

کے نفع کے لئے زمین بنائی کہ اس میں میوے اور

www.shiabookspdf.com

وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ۝ وَالْحَبُّ

کھجور کے درخت ہیں جسکے خوشوں میں غلاف ہوتے ہیں اور اناج

ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ۝ فَبِاَيِّ

جس کے ساتھ بھس ہوتا ہے اور خوشبودار پھول تو اے گروہ جن وانس

اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت نہ مانوگے اسی نے انسان کو ٹھیکری

مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۝ وَخَلَقَ

کی طرح کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا اور اسی نے

الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ۝ فَبِاَيِّ

جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا تو اے گروہ جن و

www.shiabookspdf.com

اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ

انس) تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کروگے (جاڑے گرمی کے)

وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

دونوں مشرقوں کا مالک ہے، اور دونوں مغربوں کا بھی مالک ہے، تو تم دونوں اپنے رب کی

تُكَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ۝

کس کس نعمت کو نہ مانوگے اسی نے دو دریا بہائے جو باہم مل جاتے ہیں

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ

دونوں کے درمیان ایک حد فاصل (آڑ) ہے جس سے تجاوز نہیں کرسکتے، تو تم

اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَخْرُجُ مِنْهُمَا

دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کروگے ان دونوں دریاؤں سے

اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

موتی اور مونگے نکلتے ہیں تو تم دونوں اپنے رب کی کون

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ

کون سی نعمت کو مکرو گے ، اور جہاز جو دریا میں پہاڑوں

فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

کی طرح اونچے کھڑے رہتے ہیں اسی کے ہیں تو تم دونوں اپنے رب

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ع كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا

کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے ، جو مخلوق زمین پر ہے سب فناہ

فَانٍ ۚ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ

ہونے والی ہے اور صرف تمہارے رب کی ذات جو

www.shiabookspdf.com

ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۚ فَبِاَیِّ

عظمت اور کرامت والی ہے باقی رہے گی ، تو تم دونوں اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يَسْئَلُهُ مَنْ

مالک کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے ، اور جتنے لوگ جو سارے

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ

زمین اور آسمان میں ہیں سب اسی سے مانگتے ہیں ہر وقت (مخلوق

هُوَ فِيْ شَاْنٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کے (ایک ایک) کام میں ہے ، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کس کس نعمت

تُكَذِّبٰنِ ۝ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ

سے انکار کرو گے ، اے دونوں گروہ ہم عنقریب تمہاری طرف

النصف ع ۱ ۲۵ ۱۱

الثَّقَلٰنِ ۞ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞

متوجہ ہوں گے ، تو تم دونوں اپنے پالنے والے کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

اے گروہ جن وانس اگر تم میں قدرت ہے کہ آسمان وزمین کے

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

کناروں سے ہوکر کہیں (نکل) کر موت یا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ

عذاب سے بھاگ سکو تو نکل جاؤ

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۞ فَبِاَیِّ

مگر تم بغیر قوت اور غلبہ کے نکل ہی نہیں سکتے (حالانکہ تم میں نہ قوت ہے نہ غلبہ)

www.shiabookspdf.com

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۞ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا

تو تم اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے (گنہگار جنو اور آدمیو! جہنم میں)

شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۵ وَّنُحَاسٌ فَلَا

تم دونوں پر آگ کا سبز شعلہ اور سیاہ دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو تم دونوں

تَنْتَصِرٰنِ ۞ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

(کسی طرح) روک نہ سکو گے ، پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت

تُكَذِّبٰنِ ۞ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

سے انکار کرو گے ، پھر جب آسمان پھٹ کر (قیامت میں) تیل کی طرح

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۞ فَبِاَیِّ

لال ہو جائے گا تو تم دونوں

اَلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فَيَوْمَئِذٍ لَّا

اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے مکروگے ، تو اس دن نہ تو کسی

يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝ج

انسان سے اس کے گناہ کے بارے میں پوچھا جائیگا اور نہ کسی جن سے

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ يُعْرَفُ

تو تم دونوں اپنے مالک کی کس کس نعمت کو نہ مانوگے ، گنہگار لوگ

الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِیْ

تو اپنے چہروں ہی سے پہچان لئے جائیں تو پیشانی کے پٹے اور پاؤں پکڑ

وَالْاَقْدَامِ ۝ج فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کے (جہنم میں) ڈال دیے جائیں گے آخر تم دونوں اپنے پروردگار کی کس

www.shiabookspdf.com

تُكَذِّبٰنِ ۝ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ

کس نعمت سے انکار کروگے ، (پھر ان سے کہا جائے گا) یہی وہ جہنم ہے

وقف لازم

يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝ يَطُوْفُوْنَ

جسے گنہگار لوگ جھٹلایا کرتے تھے یہ لوگ دوزخ اور

بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ۝ج فَبِاَیِّ

کھولتے ہوئے پانی کے درمیان (بیقرار دوڑتے) چکر لگاتے پھریں گے ، تو تم

ع ۲ ۲۰ ۲

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ع وَلِمَنْ

دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت کو نہ مانوگے ، اور جو شخص اپنے

خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝ج فَبِاَیِّ

پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا اس کے دو دو باغ ہیں تو

اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ۝

تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت سے انکار کروگے ، دونوں باغ (درختوں کی)

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا

ٹہنیوں سے ہرے بھرے (میووں سے) لدے ہوئے پھر تم دونوں اپنے سرپرست کی کس کس

عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا

نعمت کو جھٹلاؤگے ان دونوں میں دو چشمے بھی جاری ہونگے تو تم دونوں اپنے پروردگار

تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ

کی کس کس نعمت سے مکروگے ، ان دونوں باغوں میں سب میوے دو دو قسم کے

زَوْجٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

ہوں گے ، تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے انکار کروگے ،

www.shiabookspdf.com

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۢ بَطَاۗىِٕنُهَا مِنْ

یہ لوگ ان فرشوں پر جن کے استر اطلس کے ہوں گے تکئے لگائے بیٹھے ہوں گے دونوں

اِسْتَبْرَقٍ ۭ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ۝

باغوں کے میوے اس قدر قریب ہوں گے (کہ اگر چاہیں تو لگے ہوئے کھالیں)

فَبِاَيِّ اٰلَاۗءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِنَّ

تو تم دونوں اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو نہ مانوگے ، اس میں (پاک دامن)

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ

غیر کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنے والی عورتیں ہونگی جن کو ان سے پہلے نہ کسی

اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَاۗنٌّ ۝ فَبِاَيِّ

انسان نے ہاتھ لگایا ہوگا اور نہ کسی جن نے تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ كَاَنَّهُنَّ

اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ، ایسی حسین گویا

الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

وہ (مجسم) یاقوت اور مونگے ہیں ، تو تم دونوں اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ

کی کن کن نعمتوں سے مکرو گے ، بھلا نیکی کا بدلہ نیکی کے

اِلَّا الْاِحْسَانُ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

سوا کچھ اور بھی ہے ، پھر تم دونوں اپنے مالک کی کس کس

تُكَذِّبٰنِ ۝ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۝

نعمت کو جھٹلاؤ گے ، ان دونوں باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں ،

www.shiabookspdf.com

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

تو تم دونوں اپنے پالنے والے کی کس کس نعمت سے انکار کرو گے

مُدْهَآمَّتٰنِ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دونوں نہایت گہرے سرسبز اور شاداب ، تو تم دونوں اپنے سرپرست کی کن

تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۝

کن نعمتوں سے انکار کرو گے ان دونوں باغوں میں دو چشمے جوش مارتے ہونگے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ فِيْهِمَا

تو تم دونوں اپنے پروردگار کی کس کس نعمت سے مکرو گے ان دونوں

فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ۝ فَبِاَيِّ

میں میوے خرمے اور انار ہوں گے ، تو تم دونوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ فِيْهِنَّ

اپنے مالک کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ، ان باغوں میں خوشخلق

خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

اور خوبصورت عورتیں ہوں گی ، تو تم دونوں اپنے پروردگار

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ

کی کس کس نعمت کو نہ مانو گے ، وہ حوریں جو خیموں میں چھپی

فِي الْخِيَامِ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

بیٹھی ہیں ، پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی

تُكَذِّبٰنِ ۚ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ

کن کونسی نعمت سے انکار کرو گے ، ان سے پہلے ان کو کسی انسان

www.shiabookspdf.com

قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

نے چھوا تک نہیں اور نہ جن نے ، پھر تم دونوں اپنے مالک

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى

کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے ، یہ لوگ سبز قالینوں اور نفیس و

رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ

حسین مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے ،

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ تَبٰرَكَ

پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں سے انکار کرو گے (اے رسول)

اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ (ع) ع ۳ ۱۳

تمہارا پروردگار جو صاحب جلال و کرامت ہے اس کا نام بڑا بابرکت ہے ،

# اَسنادُ سورۂ مُزَّمِّل

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص سورہ مزمل نماز عشا میں یا آخر شب پڑھے، یہ سورہ شب و روز اس کے نیک افعال کا گواہ ہوگا اور یہ سورہ خدا کے نزدیک اس کی گواہی دے گا اور حق تعالیٰ اس کے واسطے موت اور زندگی پاکیزہ بخشے گا، اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ اس سورہ کا پڑھنے والا ہرگز محتاج نہ ہوگا اور مصباح العابدین میں وارد ہے کہ جو شخص بہ نیت دفع عسرت بعد عشا گیارہ بار اس سورے کو پڑھے ترقی معیشت حاصل ہو۔

(اٰیاتُھا ٢٠) سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ (٧٣) (٣) (رُكُوعَاتُھا ٢)

سورہ مزمل مکہ میں نازل ہوا اور اس کی بیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان اور بڑا رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ○ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ○

اے (میرے) چادر لپیٹے والے (اے رسولؐ) رات کو (نماز کے واسطے) کھڑے ہو مگر (پوری

نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ○ اَوْ

رات نہیں) تھوڑی رات، آدھی رات یا اس سے بھی کچھ کم کر دو یا

زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ○

اس سے کچھ بڑھا دو اور قرآن کو باقاعدہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو

اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ○

ہم عنقریب تم پر ایک بھاری حکم نازل کریں گے،

اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً

اس میں شک نہیں کہ رات کا اٹھنا خوب (نفس کا) پامال کرن اور بہت ٹھکانے

www.shiabookspdf.com

وَّ اَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِى النَّهَارِ

ذکر کا وقت ہے دن کو تمہارے اور بہت سے بڑے

سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ

بڑے اشغال ہیں ، تو تم اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو

وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ

اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو (وہی) مشرق اور

وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ

مغرب کا مالک ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو تم اسی کو

وَكِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ

کارساز بناؤ اور جو کچھ لوگ بکا کرتے ہیں اس پر صبر کرو

www.shiabookspdf.com

وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِىْ

اور ان سے بعنوان شائستہ الگ تھلگ رہو اور مجھے ان

وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِى النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ

جھٹلانے والوں سے جو دولت مند ہیں سمجھ لینے

قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّ

دو بے شک ہمارے پاس بیڑیاں (بھی) ہیں

جَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ

اور جلانے والی آگ (بھی) اور گلے میں پھنسنے والا کھانا (بھی)

عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ

اور دکھ دینے والا عذاب (بھی) جس دن زمین اور پہاڑ لرزنے

وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيبًا

لگیں گے اور پہاڑ ریت کے ٹیلے سے بکھرے ہو

مَّهِيلًا ۝ إِنَّآ أَرْسَلْنَآ إِلَيْكُمْ رَسُولًا

جائیں گے ، (اے مکہ والو) ہم نے تمہارے پاس (اسی طرح) ایک رسول

شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ أَرْسَلْنَآ إِلَىٰ

(محمدؐ) کو بھیجا جو تمہارے معاملہ میں گواہی دے جسطرح فرعون کے پاس ایک

فِرْعَوْنَ رَسُولًا ۝ط فَعَصَىٰ فِرْعَوْنُ

رسول (موسیٰ) کو بھیجا تھا تو فرعون نے اس رسول کی

الرَّسُولَ فَأَخَذْنَٰهُ أَخْذًا وَبِيلًا ۝

نافرمانی کی تو ہم نے بھی اس کی سزا میں اس کو بہت سخت پکڑا

www.shiabookspdf.com

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِن كَفَرْتُمْ يَوْمًا

تو اگر تم بھی نہ مانو گے تو اس دن (کے عذاب) سے کیونکر بچو گے جو

يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيبًا ۝صلے السَّمَآءُ

بچوں کو بوڑھا بنا دے گا جس دن آسمان

مُنفَطِرٌۢ بِهِۦ ط كَانَ وَعْدُهُۥ مَفْعُولًا ۝

پھٹ پڑے گا یہ اس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا

إِنَّ هَٰذِهِۦ تَذْكِرَةٌ ج فَمَن شَآءَ

بے شک یہ نصیحت ہے تو جو شخص چاہے اپنے پروردگار

١ ع ١٩ ١٣ ٱتَّخَذَ إِلَىٰ رَبِّهِۦ سَبِيلًا ۝ع إِنَّ

کی راہ اختیار کرے ، (اے رسولؐ) تمہارا

رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَىٰ مِن

پروردگار جانتا ہے کہ تم اور تمہارے چند ساتھ کے لوگ

ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَ

(کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی

طَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ ط وَ

رات (نماز میں) کھڑے رہتے ہو اور

اللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط

خدا ہی رات اور دن کا اچھی طرح اندازہ کرسکتا ہے،

عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ

www.shiabookspdf.com

اسے معلوم ہے کہ تم لوگ اس پر پوری طرح سے حاوی نہیں

عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ

ہو سکتے تو اس نے تم پر مہربانی کی تو جتنا آسانی سے ہو سکے

الْقُرْآنِ ط عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم

اتنا نماز میں قرآن پڑھ لیا کرو وہ جانتا ہے کہ عنقریب تم میں سے بعض بیمار

مَّرْضَىٰ لا وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي

ہو جائیں گے اور بعض خدا کے فضل کی تلاش میں روئے زمین

الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللّٰهِ لا

پر سفر اختیار کریں گے،

وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ صلے ز

اور کچھ لوگ خدا کی راہ میں جہاد کریں گے،

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ لا وَ اَقِيْمُوا

تو جتنا تم سے آسانی سے ہو سکے پڑھ لیا کرو اور نماز پابندی

الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا

سے پڑھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور خدا کو

اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ط وَ مَا تُقَدِّمُوْا

قرض حسنہ دو اور جو نیک عمل

لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ

اپنے واسطے خدا کے سامنے پیش کروگے اس کو خدا کے ہاں

اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ اَعْظَمَ اَجْرًا ط وَ

بہتر اور صلہ میں بزرگ تر پاؤگے اور

www.shiabookspdf.com

اسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

خدا سے مغفرت کی دعا مانگو بے شک خدا بڑا بخشنے والا

۲ ع ۱ ۱۴

رَّحِيْمٌ ۝ ع

مہربان ہے۔

# اَسْنَادُ سُوْرَهٔ دَهْر

تفسیر برہان میں جناب رسول خدا صلعم سے منقول ہے کہ جو شخص اس سورہ کو پڑھے تو اسکی جزا خدا پر جنت و حریر ہوگی اور جو شخص مداومت کرے تو اس کا ضعیف نفس قوی ہوگا اور جو شخص اس کا پانی پیئے تو اپنے مرض سے شفا پائے گا اور درد دل کو نفع کرے گا اور جسم اس کا صحیح ہوگا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ اس کا پڑھنا نفس کو قوی کرتا ہے اگر پڑھنے میں عاجز ہو تو لکھوائے اور دھو کر پیئے اور جو شخص اس کو لڑائی میں پڑھے تو اس کا دشمن مقہور ہوگا۔ اگر دل پر لکھ کر لٹکائے تو زائل

امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص روز دوشنبہ کے شر سے محفوظ رہنا چاہے تو وہ صبح کی نماز کی پہلی رکعت میں یہ سورہ پڑھے۔

## سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ (۷۶) (۹۸)

آیاتہا ۳۱ — رکوعاتہا ۲

سورہ دہر مدینہ میں نازل ہوا اور اس کی اکتیس آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کے نام سے کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ

بیشک انسان پر ایک ایسا وقت آچکا ہے کہ وہ کوئی

الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ○۱ اِنَّا

قابل ذکر شئے نہ تھا ہم

www.shiabookspdf.com

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ

نے انسان کو مخلوط نطفے سے پیدا کیا

نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ○

کہ ہم اسے آزمائیں تو ہم نے اسے سنتا دیکھتا بنایا

اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّ

اور اس کو رستہ بھی دکھایا اب وہ خواہ شکر گزار ہو

اِمَّا كَفُوْرًا ○۱ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

یا ناشکرا ہم نے کافروں کے لئے زنجیریں

سَلٰسِلَاۡ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ○ اِنَّ

طوق اور دہکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے بیشک

الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ

نیکوکار لوگ شراب کے وہ ساغر پئیں گے جس میں کافور

مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا

کی آمیزش ہوگی، یہ ایک چشمہ ہے جس میں خدا

عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝

کے (خاص) بندے پئیں گے اور جہاں چاہیں گے بہا لے جائیں گے

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا

یہ لوگ ہیں جو نذریں پوری اور اس دن سے جس کی سختی ہر طرف

كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝ وَيُطْعِمُوْنَ

www.shiabookspdf.com

پھیلی ہوگی ڈرتے ہیں اور اس کی

الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا

محبت میں محتاج اور یتیم اور اسیر کو کھانا

وَّاَسِيْرًا ۝ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ

کھلاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم تو تم کو بس خالص خدا کے

اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا

کیلئے کھلاتے ہیں ہم نہ تو تم سے بدلے کے خواستگار ہیں اور نہ

شُكُوْرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا

شکر گذاری کے ہم کو تو اپنے پروردگار سے اس دن کا ڈر ہے

يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝ فَوَقٰهُمُ

جس میں منہ بن جائیں گے (اور) چہرے پر ہوائیاں اڑتی ہونگی تو خدا انہیں

اللّٰہُ شَرَّ ذٰلِکَ الْیَوْمِ وَلَقّٰہُمْ

اس دن کی تکلیف سے بچا لے گا اور ان کو تازگی

نَضْرَۃً وَّسُرُوْرًا ۝ج وَجَزٰھُمْ

اور خوش دلی عطا فرمائے گا اور ان کے صبر کے

بِمَا صَبَرُوْا جَنَّۃً وَّحَرِیْرًا ۝لا

بدلے (بہشت کے) باغ اور ریشم کی پوشاک عطا فرمائے گا)

مُّتَّکِـِٕیْنَ فِیْھَا عَلَی الْاَرَآئِکِ ج لَا

وہاں وہ تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے نہ وہاں

یَرَوْنَ فِیْھَا شَمْسًا وَّلَا زَمْھَرِیْرًا ۝ج

وہ آفتاب کی دھوپ دیکھیں گے اور نہ شدت کی سردی

www.shiabookspdf.com

وَدَانِیَۃً عَلَیْھِمْ ظِلٰلُھَا وَذُلِّلَتْ

اور گھنے درختوں کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور میووں کے گچھے

قُطُوْفُھَا تَذْلِیْلًا ۝ وَیُطَافُ عَلَیْھِمْ

ان کے قریب ہر طرح ان کے اختیار میں اور ان کے سامنے چاندی کے

بِاٰنِیَۃٍ مِّنْ فِضَّۃٍ وَّاَکْوَابٍ کَانَتْ قَوَارِیْرَا۠ ۝

ساغر اور شیشے کے نہایت صاف اور شفاف گلاس کا دور چل رہا ہو گا

قَوَارِیْرَا۠ مِنْ فِضَّۃٍ قَدَّرُوْھَا تَقْدِیْرًا ۝ وَیُسْقَوْنَ

اور شیشے بھی (کانچ کے نہیں) چاندی کے جو ٹھیک اندازے کے مطابق بنائے گئے ہیں۔

فِیْھَا کَاْسًا کَانَ مِزَاجُھَا زَنْجَبِیْلًا ۝ عَیْنًا فِیْھَا

اور وہاں انہیں ایسی شراب پلائی جائے گی جسمیں زنجبیل (کے پانی) کی آمیزش ہوگی یہ بہشت

قرء حفص بغیر الالف فی الوصل فیہما و وقف علی الاول بالف وعلی الثانی بغیر الالف ۱۲

تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ○ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ

ہیں ایک چشمہ ہے جس کا نام سلسبیل ہے اور ان کے سامنے ہمیشہ ایک حالت

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ج اِذَا رَاَيْتَهُمْ

پر رہنے والے نوجوان لڑکے چکر لگاتے ہوں گے کہ جب تم ان کو دیکھو

حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ○ وَاِذَا

تو سمجھو کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں اور جب

رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّمُلْكًا

تم وہاں نگاہ اٹھاؤ گے تو ہر طرح کی نعمت اور عظیم الشان

كَبِيْرًا ○ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ

سلطنت دیکھو گے ان کے اوپر سبز کریپ اور

www.shiabookspdf.com

خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ ز وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ

اطلس کی پوشاک ہو گی اور انہیں چاندی کے کنگن

مِنْ فِضَّةٍ ج وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا

پہنائے جائیں گے اور ان کا پروردگار انہیں نہایت پاکیزہ

طَهُوْرًا ○ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ

شراب پلائے گا یہ یقینی تمہارے لئے ہو گا

۱ ع ۲۲ 19 جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ○

تمہاری (کارگزاریوں کے) صلہ میں اور تمہاری کوشش قابل شکرگزاری ہے

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ

اے رسول ہم نے تم پر قرآن کو رفتہ رفتہ کر کے

تَنْزِيْلًا ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا

نازل کیا تو تم اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کئے رہو اور

تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ۝ وَ

ان لوگوں میں سے گنہگار اور ناشکرے کی پیروی نہ کرنا ، صبح

اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

اور شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو ،

وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ

اور کچھ رات گئے اس کا سجدہ کرو اور بڑی رات تک

لَيْلًا طَوِيْلًا ۝ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ

www.shiabookspdf.com

اس کی تسبیح کرتے رہو یہ لوگ یقینی دنیا کو پسند

الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا

کرتے ہیں اور بڑے بھاری دن کو اپنے پس پشت چھوڑ بیٹھے

ثَقِيْلًا ۝ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ

ہیں ہم نے ان کو پیدا کیا اور ان کے اعضاء

اَسْرَهُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ

کو مضبوط بنایا اور اگر ہم چاہیں تو ان کے بدلے ان ہی کے

تَبْدِيْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ

ایسے لوگ لے آئیں بیشک یہ قرآن سراسر نصیحت ہے تو جو شخص

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ وَ

چاہتا ہے اپنے پروردگار کی راہ لے اور

مَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ اللّٰہُ ؕ

جب تک خدا کو منظور نہ ہو تم لوگ کچھ بھی چاہ نہیں سکتے

اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیۡمًا حَکِیۡمًا ٭

بے شک خدا بڑا واقف کار دانا ہے

یُّدۡخِلُ مَنۡ یَّشَآءُ فِیۡ رَحۡمَتِہٖ ؕ وَ

جس کو چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے اور

الظّٰلِمِیۡنَ اَعَدَّ لَہُمۡ عَذَابًا اَلِیۡمًا ٭ ۲ ع ۹ ۲۰

ظالموں کے واسطے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے

## اَسنادِ سُورَةُ المُدَّثِّر

مجمع البیان میں بروایت ابی ابن کعب جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس سورۃ کو پڑھے تو خداوند عالم اس کو جناب رسالت مآبؐ کی رسالت کی تصدیق کرنے والوں کے مثل دس حسنہ عطا فرمائے گا۔ اور امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ جو شخص فریضہ میں اس کو پڑھے تو خداوند عالم پر اس کا حق ہوگا کہ اس کو جناب رسولؐ خدا کے ساتھ آپ کے درجہ میں جگہ دے اور اس سے اس کی زندگی میں کبھی کوئی شقاوت ظاہر نہ ہوگی اور جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص مداومت کرے تو اجر عظیم حاصل ہوگا اور بعد ختم سورہ حفظ قرآن کی دعا کرے تو جب تک یاد نہ کرے گا نہ مرے گا اور جو شخص مداومت کرے اور آخر میں جس حاجت کے لئے دعا کرے گا وہ بر آوے گی۔

www.shiabookspdf.com

آیاتہا ۵۶ (۷۴) سُوۡرَۃُ الۡمُدَّثِّرِ مَکِّیَّۃٌ (۴) رکوعاتہا ۲

سورۃ مدثر مکہ میں نازل ہوا اور اس کی چھپن آیتیں اور دو رکوع ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٭

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۝ قُمْ فَاَنْذِرْ ۝ وَ

اے (میرے) کپڑا اوڑھنے والے (رسولؐ) اٹھو اور لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ اور

رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۝ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۝ وَ

اپنے پروردگار کی بڑائی کرو اور اپنے کپڑے پاک رکھو اور

الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝

گندگی سے الگ رہو اور اسطرح احسان نہ کرو کہ زیادہ کے خواستگار ہو

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝ فَاِذَا نُقِرَ فِي

اور اپنے پروردگا کے لئے صبر کرو، پھر جب صور پھونکا جائے

النَّاقُوْرِ ۝ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۝

گا تو وہ دن کا فروں پر

www.shiabookspdf.com

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ۝ ذَرْنِيْ

سخت ہوگا آسان نہیں ہوگا ۔ (اے رسولؐ) مجھے

وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۝ وَّجَعَلْتُ

اور اس شخص کو چھوڑ دو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا اور اسے

لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝

بہت سا مال دیا اور نظر کے سامنے رہنے والے بیٹے دیئے

وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝ ثُمَّ يَطْمَعُ

اور اسے ہر طرح کے سامان میں وسعت دی پھر اس پر بھی وہ طمع

اَنْ اَزِيْدَ ۝ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا

رکھتا ہے کہ اور بڑھاؤں یہ ہرگز نہ ہوگا یہ تو میری آیتوں کا دشمن

عَنِيدًا ۝ سَأُرْهِقُهُ صَعُودًا ۝ إِنَّهُ

تھا تو میں عنقریب اسے سخت عذاب میں مبتلا کروں گا، اس

فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝

نے فکر کی اور تجویز کی تو یہ کمبخت مار ڈالا جائیگا اس نے کیونکر تجویز کی

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ

پھر مارا جائے اس نے کیونکر تجویز کی پھر غور کیا پھر تیوری چڑھائی پھر

عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝

اور منہ بنا لیا پھر پیٹھ پھیر کر چلا گیا اور اکڑ بیٹھا

فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ۝

پھر کہنے لگا یہ تو بس جادو ہے جو (اگلوں) سے چلا آتا ہے)

www.shiabookspdf.com

إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ سَأُصْلِيهِ

یہ تو بس آدمی کا کلام ہے (خدا کا نہیں) میں اسے عنقریب

سَقَرَ ۝ وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ ۝ لَا

جہنم میں جھونک دونگا اور تم کیا جانو کہ جہنم کیا ہے وہ نہ

تُبْقِي وَلَا تَذَرُ ۝ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝

باقی رکھے گی نہ چھوڑ دے گی اور بدن کو جلا کر سیاہ کردے گی

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا

اس پر انیس (فرشتے معین) ہیں اور ہم نے جہنم کا نگہبان

أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً ۙ وَمَا

تو بس فرشتوں کو بنایا ہے اور ان

جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

کا یہ شمار بھی کافروں کی آزمائش کے لئے

كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

مقرر کیا تاکہ اہل کتاب (فوراً) یقین کر

الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا

لیں اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو

وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور اہل کتاب اور مومنین (کسی طرح) شک نہ

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ

www.shiabookspdf.com

کریں اور جن لوگوں کے دل میں

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ

(نفاق کا) مرض ہو وہ اور کافر لوگ کہہ بیٹھیں کہ

اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ

اس مثل (کے بیان کرنے) خدا کا کیا مطلب ہے یوں خدا جسے چاہتا

اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

ہے گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے

وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَ

اور تمہارے پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور

مَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۧ ۝ كَلَّا وَ ع ۱ ۳۱ ۱۵

یہ تو آدمیوں کے لئے بس نصیحت ہے سن رکھو (ہمیں

الْقَمَرِ ۙ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۙ وَالصُّبْحِ

چاند) کی قسم اور رات کی جب جانے لگے اور صبح کی

اِذَآ اَسْفَرَ ۙ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۙ

جب روشن ہو جائے کہ وہ جہنم بھی ایک بہت بڑی (آفت) ہے اور

نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۙ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ

لوگوں کو ڈرانے والی ہے (سب کے لئے نہیں) بلکہ تم میں سے جو شخص

اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ؕ كُلُّ

(نیکی کی طرف) آگے بڑھنا اور برائی سے پیچھے ہٹنا چاہے ، ہر شخص

نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۙ اِلَّآ

اپنے اعمال کے بدلے گرو ہے مگر

www.shiabookspdf.com

ع ۱۶ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ؕ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ ؕ

داہنے ہاتھ (میں نامہ عمل لینے) والے بہشت کے باغوں میں گنہگاروں

يَتَسَآءَلُوْنَ ۙ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۙ

سے باہم پوچھ رہے ہوں گے کہ آخر تمہیں دوزخ

مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۙ قَالُوْا لَمْ

میں کون سی چیز (گھسیٹ) لائی وہ لوگ کہیں گے

نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۙ وَلَمْ نَكُ

نہ تو ہم نماز پڑھا کرتے تھے اور نہ محتاجوں

نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۙ وَكُنَّا نَخُوْضُ

کو کھانا کھلاتے تھے اور اہل باطل کے ساتھ

مَعَ الْخَآئِضِیْنَ ۝ وَكُنَّا نُكَذِّبُ

ہم بھی بڑے کام میں گھس پڑتے تھے۔ اور روز جزا کو

بِیَوْمِ الدِّیْنِ ۝ حَتّٰۤى اَتٰىنَا الْیَقِیْنُ ۝

جھٹلایا کرتے تھے (اور یوں ہی رہے) یہانتک کہ ہمیں موت آگئی

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِیْنَ ۝

تو اسوقت انہیں سفارش کرنے والوں کی سفارش کچھ کام نہ آئے گی،

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِیْنَ ۝

اور انہیں کیا ہوگیا ہے کہ نصیحت سے منہ موڑے ہوئے ہیں

كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۝ فَرَّتْ مِنْ

گویا وہ وحشی گدھے ہیں کہ شیر سے (دُم دبا کر)

قَسْوَرَةٍ ۝ بَلْ یُرِیْدُ كُلُّ امْرِئٍ

بھاگتے ہیں اصل یہ ہے کہ ان میں سے ہر شخص

مِّنْهُمْ اَنْ یُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝

اس کا متمنی ہے کہ اسے کھلی ہوئی (آسمانی کتابیں عطا کی جائیں)

كَلَّا ؕ بَلْ لَّا یَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝

یہ تو ہرگز نہ ہوگا بلکہ یہ تو آخرت ہی سے نہیں ڈرتے

كَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ

ہاں! ہاں! بیشک یہ (قرآن سراسر) نصیحت ہے تو جو چاہے اسے

ذَكَرَهٗ ۝ وَمَا یَذْكُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ

یاد رکھے اور خدا کی مشیت بغیر تو یہ لوگ

www.shiabookspdf.com

يَشَاۤءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ

یاد رکھنے والے نہیں وہی (بندوں کے) ڈرانے کے قابل اور

اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝

بخشش کا مالک ہے

ع ۲ ۱۵ ۱۶

## اَسْنَادُ اٰيَةُ الْكُرْسِىِّ

مصباح کفعمی میں جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جو شخص ان آیات کو پڑھے خداوند عالم اس کے قلب میں حکمت ایمان و خلوص و توکل و سکینہ و وقار کو داخل کرے گا اور جو اس کو آب زمزم یا آب باراں سے لکھ کر پیئے اس کے جسم سے ہر بیماری خارج ہوگی اور وسوسۂ شیاطین اور نسیان اس سے دور ہوگا اور جو شخص اس کو تعویذ بنا کر پہنے تو جانوران وحشی اور حشرات الارض سے اور ہر سحر اور بیماری جسم سے محفوظ رہے گا اور جو شخص اس کو پڑھے خدا اس پر کبھی عذاب نازل نہ کرے گا اور نظر رحمت سے اس کو دیکھے گا اور اس پر تونگری کے دروازے کھول دے گا۔ لکھ کر گلے میں لٹکائے تو درد و صرع و فقر دور ہوں گے۔

www.shiabookspdf.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

میں اس خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا

وہ ذات (پاک ہے) کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ زندہ ہے (اور سارے

تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى

جہان کا سنبھالنے والا ہے اسکو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ مَنْ

ہے اور جو کچھ زمین میں ہے غرض سب کچھ اسی کا ہے کون

ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ

ایسا ہے جو بدون اس کی اجازت کے اس کے پاس (کسی کی) سفارش کرے

یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ

جو کچھ ان کے سامنے (موجود) ہے (وہ) جو کچھ ان کے پیچھے (ہو چکا) ہے (خدا سب کو)

وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ

جانتا ہے اور وہ لوگ اس کے علم میں سے کسی چیز پر بھی احاطہ نہیں کر سکتے

اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ

مگر وہ (جیسے) جتنا چاہے (سکھا دے) اس کی کرسی سب آسمانوں اور زمینوں

وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا ج

کو گھیرے ہوئے ہے اور ان دونوں (زمین و آسمان) کی نگہداشت اس پر کچھ

www.shiabookspdf.com

وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○ لَآ اِکْرَاہَ

بھی) گراں نہیں اور وہ (بڑا) عالیشان) بزرگ (مرتبہ) ہے دین میں کسی طرح

فِی الدِّیْنِ لا قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ

کی زبردستی نہیں) کیونکہ ہدایت گمراہی سے (الگ) ظاہر ہو چکی تو

مِنَ الْغَیِّ ج فَمَنْ یَّکْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

جس شخص نے جھوٹے خداؤں (بتوں) سے انکار کیا اور خدا ہی پر ایمان

وَیُؤْمِنْ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ

لایا تو اس نے وہ مضبوط رسی پکڑ لی جو

بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی ج لَا انْفِصَامَ لَھَا ط

ٹوٹ ہی نہیں سکتی اور خدا

وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ
(سب کچھ) سنتا (اور) جانتا ہے خدا ان لوگوں
الَّذِينَ اٰمَنُوا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
کا سرپرست ہے جو ایمان لا چکے کہ انھیں (گمراہی کی) تاریکیوں
اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِينَ كَفَرُوٓا اَوْلِيٰٓئُهُمُ
سے نکال کر (ہدایت کی) روشنی میں لاتا ہے اور جن لوگوں نے کفر اختیار
الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ
کیا ان کے سرپرست شیطان ہیں کہ ان کو (ایمان کی) روشنی سے نکال کر
اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
(کفر کی) تاریکیوں میں ڈال دیتے ہیں اور یہی لوگ تو جہنمی ہیں
هُمْ فِيهَا خٰلِدُوْنَ ۝ ع
اور یہی اس میں ہمیشہ رہیں گے

## اَسْنَادُ حَدِيْثِ كِسَآء

اس حدیث کی شہرت و مقبولیت ظاہر ہے، اس کے مستند ہونے میں کسی کو کلام نہیں آیۃ و فی ہدایہ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا ۝ اہل بیت عصمت و طہارت کی شان والاشان میں بکرات و مرات نازل ہوا ہے، جناب شیخ فخر الدین احمد بن علی بن احمد بن طریح نجفی اعلی اللہ مقامہ کتاب المنتخب فی المراثی و الخطب مشہور بہ بیاض فخری اور دیگر علماء و مفسرین نے احادیث و روایات کثیرہ و متواترہ سے نقل فرمایا ہے کہ آیۃ تطہیر خمسۂ نجبا جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور علی المرتضیٰ اور جناب فاطمہ زہرا، اور حسن و حسین سید الشہداء خامس اصحاب کساء صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہم اجمعین کی شان میں نازل ہوا ہے، اس آیت کی شان نزول میں یہی حدیث کساء بیان کی جاتی ہے جس کے فضائل و مناقب اور اہل بیت علیہم

www.shiabookspdf.com

السلام کی شان و عظمت اس کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگی۔ مومنین کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس حدیث شریف کو نہایت خلوص کے ساتھ تین مرتبہ محمد وآل محمدؐ پر درود بھیجنے کے بعد شروع کریں اور بعد ختم پھر تین مرتبہ صلوٰۃ پڑھیں اور درمیان میں اگر چند قطرۂ اشک نکل آئیں تو پھر جو دعا کریں گے انشاء اللہ مجیب الدعوات اور بہ طفیل اصحاب کساء قبول فرمائے گا کم سے کم روزانہ ایک مرتبہ یا ہفتہ میں ایک دفعہ علی الخصوص شب جمعہ یا روز جمعہ اس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں مختصر یہ کہ اس حدیث شریف کساء کی تلاوت سے جو فوائد اہل دنیا کو پہنچے ہیں وہ بے شمار ہیں۔

اگر پابندی وقت کے ساتھ اس کی تلاوت کا سلسلہ قائم رکھیں تو انشاء اللہ اس دعا کی برکت سے آپ کی تمام حاجات مشروعہ دینی و دنیاوی برآئیں گی۔ آمین ثم آمین۔ حدیث کساء یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمٰن اور رحیم ہے

www.shiabookspdf.com

رُوِيَ عَنْ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ عَلَيْهَا

روایت کرتے ہیں جناب فاطمہؑ سے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ

السَّلَامُ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ

وسلم کی بیٹی ہیں کہتے ہیں کہ میں نے سنا

فَاطِمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ اَبِي

فاطمہؑ فرماتی ہیں ایک دن میرے والد اللہ کے رسولؐ میرے پاس تشریف

رَسُوْلُ اللّٰهِ فِيْ بَعْضِ الْاَيَّامِ فَقَالَ

لائے اور فرمایا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ فَقُلْتُ عَلَيْكَ

سلام ہو تم پر اے فاطمہؑ پس میں نے کہا آپ پر بھی

السَّلَامُ قَالَ اِنِّیْ اَجِدُ فِیْ بَدَنِیْ ضُعْفًا

سلام ہو فرمایا میں اپنے بدن میں کمزوری محسوس

فَقُلْتُ لَهٗ اُعِیْذُكَ بِاللّٰهِ یَا اَبَتَاهُ مِنَ

کرتا ہوں پس میں نے عرض کی اے پدر بزرگوار میں آپ کو کمزوری سے

الضُّعْفِ فَقَالَ یَا فَاطِمَةُ اِیْتِیْنِیْ

اللہ کی پناہ میں رہتی ہوں فرمایا اے فاطمہؑ

بِالْكِسَاءِ الْیَمَانِیْ فَغَطِّیْنِیْ بِهٖ فَاَتَیْتُهٗ

یمنی چادر لاکر مجھے اوڑھا دو

بِالْكِسَاءِ الْیَمَانِیْ فَغَطَّیْتُهٗ بِهٖ وَصِرْتُ اَنْظُرُ

www.shiabookspdf.com

پس میں اسے وہ یمنی چادر لاکر اوڑھا دی پھر میں نے

اِلَیْهِ وَاِذَا وَجْهُهٗ یَتَلَأْلَأُ كَاَنَّهُ الْبَدْرُ فِیْ

دیکھا کہ آپ کے چہرہ اقدس سے ایسا نور ساطع ہے جیسے چودھویں

لَیْلَةِ تَمَامِهٖ وَكَمَالِهٖ فَمَا كَانَتْ اِلَّا سَاعَةً

کا چاند کامل ہے ابھی تھوڑی دیر نہ

وَاِذَا بِوَلَدِیَ الْحَسَنِ قَدْ اَقْبَلَ وَقَالَ

گزری تھی کہ میرا بیٹا حسنؑ آگیا اور کہا

السَّلَامُ عَلَیْكِ یَا اُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَیْكَ

سلام ہو تم پر اے مادر گرامی پس میں نے کہا تم پر بھی

السَّلَامُ یَا قُرَّةَ عَیْنِیْ وَثَمَرَةَ فُؤَادِیْ

سلام ہو اے میری آنکھوں کے نور اور

فَقَالَ يَا أُمَّاهُ إِنِّي أَشَمُّ عِنْدَكِ رَائِحَةً

میرے میوۂ دل پھر کہا اے مادرِ گرامی میں آپ کے پاس پاک

طَيِّبَةً كَأَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّي رَسُولِ اللّٰهِ

اور طیب خوشبو محسوس کر رہا ہوں اپنے نانا رسول اللہ

فَقُلْتُ نَعَمْ إِنَّ جَدَّكَ تَحْتَ الْكِسَاءِ

کی میں نے کہا ہاں تیرے نانا چادر

فَأَقْبَلَ الْحَسَنُ نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقَالَ السَّلَامُ

کے نیچے موجود ہیں پس حسنؑ چادر کے پاس آئے

عَلَيْكَ يَا جَدَّاهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَتَأْذَنُ

www.shiabookspdf.com

اور کہا سلام ہو آپ پر اے جد بزرگوار اے اللہ کے

لِي أَنْ أَدْخُلَ مَعَكَ تَحْتَ الْكِسَاءِ

رسولؐ کیا مجھے اجازت ہے میں چادر میں آپ کے پاس آجاؤں

فَقَالَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا وَلَدِي وَيَا

فرمایا اور تم پر بھی سلام ہو اے میرے بیٹے اور اے

صَاحِبَ حَوْضِي قَدْ أَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ

حوضِ کوثر کے مالک اجازت ہے آجاؤ پس (حسنؑ)

مَعَهُ تَحْتَ الْكِسَاءِ فَمَا كَانَتْ إِلَّا سَاعَةً وَّ

چادر میں ان کے ساتھ داخل ہو گئے ابھی تھوڑی دیر گذری تھی کہ

إِذَا بِوَلَدِيَ الْحُسَيْنِ قَدْ أَقْبَلَ وَقَالَ

میرا بیٹا حسینؑ آگیا اور کہا

السَّلَامُ عَلَيْكِ يَا أُمَّاهُ فَقُلْتُ وَعَلَيْكَ

سلام ہو تم پر اے مادرِ گرامی میں نے کہا تم پر بھی

السَّلَامُ يَا وَلَدِي وَيَا قُرَّةَ عَيْنِي وَ

سلام ہو اے میرے فرزند اے آنکھوں کی ٹھنڈک اور

ثَمَرَةَ فُؤَادِي فَقَالَ لِي يَا أُمَّاهُ إِنِّي أَشَمُّ

میوہ دل پس کہا (حسینؑ نے) اے مادرِ گرامی مجھے تو آپ

عِنْدَكِ رَائِحَةً طَيِّبَةً كَأَنَّهَا رَائِحَةُ جَدِّي

(کے گھر سے) پاک طیب خوشبو آرہی ہے جیسے میرے نانا

رَسُولِ اللّٰهِ فَقُلْتُ نَعَمْ إِنَّ جَدَّكَ وَ

رسولِ خدا کی خوشبو ہے میں نے کہا ہاں بیشک تمہارے نانا تمہارے

أَخَاكَ تَحْتَ الْكِسَاءِ فَدَنَى الْحُسَيْنُ

بھائی چادر کے نیچے موجود ہیں پس حسینؑ چادر

نَحْوَ الْكِسَاءِ وَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ

کے پاس آئے اور کہا سلام ہو آپ

يَا جَدَّاهُ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنِ

پر اے نانا جان سلام ہو آپ پر

اخْتَارَهُ اللّٰهُ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَدْخُلَ

اے اللہ کے چنے ہوئے آیا اجازت ہے میں بھی آپ کے

مَعَكُمَا تَحْتَ الْكِسَاءِ فَقَالَ وَعَلَيْكَ

پاس چادر کے نیچے آجاؤں فرمایا تم پر بھی

www.shiabookspdf.com

السَّلَامُ يَا وَلَدِي وَ يَا شَافِعَ اُمَّتِي

سلام ہو اے میرے فرزند اور اے میری امت کی شفاعت کرنیوالے

قَدْ اَذِنْتُ لَكَ فَدَخَلَ مَعَهُمَا تَحْتَ

ہاں تم کو اجازت ہے آجاؤ پس حسینؑ بھی اُن

الْكِسَاءِ فَاَقْبَلَ عِنْدَ ذٰلِكَ اَبُوالْحَسَنِ

کے ساتھ چادر میں داخل ہو گئے پس آئے میرے پاس حسنؑ کے

عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ وَ قَالَ السَّلَامُ

باپ علی ابن ابی طالبؑ اور کہا سلام ہو

عَلَيْكِ يَا بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ فَقُلْتُ

تم پر اے اللہ کے رسولؐ کی بیٹی میں نے کہا

www.shiabookspdf.com

وَ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا اَبَا الْحَسَنِ وَ

آپ پر بھی سلام ہو اے حسنؑ کے ابا

يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فَقَالَ يَا فَاطِمَةُ

اے امیر مومناں پس فرمایا اے فاطمہؑ

اِنِّي اَشَمُّ عِنْدَكِ رَائِحَةً طَيِّبَةً

مجھے خوشبو آرہی ہے آپ کے ہاں سے ایسی پاک وطیب

كَاَنَّهَا رَائِحَةُ اَخِي وَ ابْنِ عَمِّي

گویا میرے بھائی اور ابن عم

رَسُولِ اللّٰهِ فَقُلْتُ نَعَمْ هَا هُوَ

رسولؐ خدا موجود ہیں میں نے کہا ہاں وہ آپکے

مَعَ وَ لَدَیْکَ تَحْتَ الْکِسَآءِ فَاَقْبَلَ

بیٹوں کے ساتھ چادر کے نیچے موجود ہیں پس علیؑ بھی

عَلِیٌّ نَحْوَ الْکِسَآءِ وَ قَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

چادر کے پاس آئے اور فرمایا سلام ہو تم پر

یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِیْ اَنْ اَکُوْنَ

اے اللہ کے رسولؐ آیا مجھے بھی اجازت ہے کہ

مَعَکُمْ تَحْتَ الْکِسَآءِ قَالَ لَهٗ وَ

آپ کے ساتھ چادر میں آجاؤں فرمایا تم پر

عَلَیْکَ السَّلَامُ یَا اَخِیْ وَ یَا

بھی سلام اے میرے بھائی اور میرے

www.shiabookspdf.com

وَصِیِّیْ وَ خَلِیْفَتِیْ وَ صَاحِبَ

وصی اور میرے جانشین اور صاحب

لِوَآئِیْ قَدْ اَذِنْتُ لَکَ فَدَخَلَ

لوا (حمد اور جزا) تم کو بھی اجازت ہے

عَلِیٌّ تَحْتَ الْکِسَآءِ ثُمَّ اَتَیْتُ

پس علیؑ بھی چادر میں داخل ہو گئے اب میں بھی

نَحْوَ الْکِسَآءِ وَ قُلْتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ

چادر کے پاس آئی اور عرض کی سلام ہو آپ پر

یَا اَبَتَاهُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ

اے پدر بزرگوار اے اللہ کے رسولؐ آیا مجھے بھی

لِیْ اَنْ اَکُوْنَ مَعَکُمْ تَحْتَ الْکِسَآءِ

اجازت ہے کہ آپ کے ساتھ چادر میں آجاؤں

قَالَ وَ عَلَیْكِ السَّلَامُ یَا بِنْتِیْ

اور فرمایا تم پر بھی سلام ہو اے دخترِ نیک اختر

وَ یَا بَضْعَتِیْ قَدْ اَذِنْتُ لَكِ

